

مختصر مسائل واحکام

# حج وعمرہ
# اور
# قربانی وعیدین

تالیف وپیشکش


ابوعدنان محمد منیر قمر

ترجمان سپریم کورٹ الخبر سعودی عرب



توحید پبلیکیشنز، بنگلور (انڈیا)



ircpk.com

Read the books of "Tawheed Publications" for authentic information about ISLAM.

مختصر مسائل و احکامِ

# حج و عمرہ

# اور

# قربانی و عیدین

(قرآنِ کریم اور صحیح احادیث کی روشنی میں)


## تالیف

## ابو عدنان محمد منیر قمر

ترجمان سپریم کورٹ، الخبر (سعودی عرب)



## ناشر

## توحید پبلیکیشنز، بنگلور۔انڈیا


صحیح دینی معلومات کے لئے "توحید پبلیکیشنز" کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

Read the books of "Tawheed Publications" for authentic information about ISLAM.

اشاعت کے دائمی حقوق بحقِ مؤلف محفوظ ہیں

نامِ کتاب : ☆مختصر مسائل واحکامِ حج وعمرہ اور قربانی وعیدین

تالیف: ☆ابوعدنان محمد منیر قمر نواب الدین

کمپوزنگ : ☆ابوصفیہ شاہد ستار

طبع اول : ☆۲۰۰۲ء / ۱۴۲۳ھ

## ہندوستان میں ملنے کے پتے:

1- توحید پبلیکیشنز، ایس.آر.کے.گارڈن

بنگلور۔فون.٦٦٥٠٦١٨

2- چارمینار بک سنٹر

چارمینار روڈ، شیواجی نگر، بنگلور۔ا

3- میسور،فون.۴۹۲۱۲۹

رابطہ: E-Mail:tawheed_pbs@hotmail .com

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

# آئینۂ مضامین


| صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار | صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 29 | مزدلفہ کو روانگی | ۲۰ | 3 | آئینۂ مضامین | ۱ |
| 30 | یوم نحر وقربانی اور احرام اتارنا | ۲۱ | 5 | پیش رس | ۲ |
| 33 | ایامِ تشریق اور قیامِ منیٰ | ۲۲ | 6 | مختصر مسائل واحکامِ حج وعمرہ | ۳ |
| 35 | بچوں کا حج وعمرہ | ۲۳ | 6 | فضائل وبرکاتِ حج وعمرہ | ۴ |
| 36 | طوافِ وداع | ۲۴ | 7 | فرضیتِ حج اور تارک کیلئے وعید | ۵ |
| 36 | احکام وآدابِ زیارتِ مدینہ منوّرہ | ۲۵ | 8 | مفہومِ استطاعت | ۶ |
| 41 | مختصر مسائل واحکامِ قربانی وعیدین | ۲۶ | 8 | حج بدل | ۷ |
| 41 | عشرۂ ذوالحج کی فضیلت | ۲۷ | 9 | سفرِ حج وعمرہ پر روانگی | ۸ |
| 42 | قربانیاں | ۲۸ | 12 | موقیتِ حج وعمرہ | ۹ |
| 43 | قربانی کرنے والے کیلئے ہدایات | ۲۹ | 13 | احرام باندھنے کا طریقہ | ۱۰ |
| 44 | ذبح ونحر کا مسنون طریقہ | ۳۰ | 16 | محرّماتِ احرام | ۱۱ |
| 45 | قربانی کے جانور | ۳۱ | 17 | آدابِ حرمین شریفین | ۱۲ |
| 46 | جانوروں میں مطلوبہ اوصاف | ۳۲ | 17 | مباحاتِ احرام | ۱۳ |
| 46 | جانوروں کے عیوب ونقائص | ۳۳ | 19 | آدابِ دخولِ مکہ ومسجدِ حرام | ۱۴ |
| 47 | جانوروں کی عمریں اور دانت | ۳۴ | 20 | مسائل واحکام اور طریقۂ طواف | ۱۵ |
| 48 | فوت شدگان کی طرف سے قربانی | ۳۵ | 24 | مسائل واحکام اور طریقۂ سعی | ۱۶ |
| 48 | گوشت کی تقسیم | ۳۶ | 27 | مسائل واحکام اور طریقۂ حج | ۱۷ |
| 49 | قرض لے کر قربانی کرنا | ۳۷ | 27 | احرامِ حج اور منیٰ کو روانگی | ۱۸ |
| 49 | بعض بیہودہ کوششیں | ۳۸ | 28 | عرفات کو روانگی | ۱۹ |


صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر | نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۹ | فلسفۂ عید | 50 | ۵۰ | عید کا وقت | 54 |
| ۴۰ | آغاز وحکمِ عید | 50 | ۵۱ | نمازِ عید سے پہلے یا بعد کوئی نماز؟ | 54 |
| ۴۱ | خوبصورت لباس وخوشبو | 51 | ۵۲ | آذان واقامت | 54 |
| ۴۲ | کچھ کھا کر جانا (عید الفطر پر) اور آکر کھانا (عید الاضحیٰ پر) | 51 | ۵۳ | رکعتِ نمازِ عید | 55 |
| ۴۳ | شہر سے باہر عید | 51 | ۵۴ | کیفیّت وطریقۂ نمازِ عید | 55 |
| ۴۴ | عورتوں کا عیدگاہ جانا | 52 | ۵۵ | خطبۂ عید | 56 |
| ۴۵ | پیدل اور سوار | 52 | ۵۶ | نمازِ عید کی دوسری جماعت | 57 |
| ۴۶ | راستہ بدلنا | 52 | ۵۷ | دوسرے دن نمازِ عید | 58 |
| ۴۷ | تکبیرات کہنا | 53 | ۵۸ | عید مبارک کہنے کا مسنون انداز | 58 |
| ۴۸ | اوقات وانداز | 53 | ۵۹ | اجتماعِ عید وجمعہ | 58 |
| ۴۹ | تکبیرات کے الفاظ | 53 | ۶۰ | **مختصر طریقہ حج** | 60 |
| | | | | **حجِ افراد** | 60 |
| | | | | **حجِ قران** | 61 |
| | | | | **حجِ تمتّع** | 62 |


❁❁❁

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# پیش رس

**اِنَّ الۡحَمۡدَ لِلّٰہِ نَحۡمَدُہٗ وَنَسۡتَعِیۡنُہٗ وَنَسۡتَغۡفِرُہٗ ،وَ نَعُوۡذُ بِا للّٰہِ مِنۡ شُرُوۡرِ أَنۡفُسِنَا وَ مِنۡ سَیِّئَاتِ أَعۡمَا لِنَا، مِنۡ یَّھۡدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ ،وَ مَنۡ یُّضۡلِلۡ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ، وَاَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ، وَ اَشۡھَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ .اَمَّا بَعۡدُ:**

قارئینِ کرام !السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حج وعمرہ اورقربانی کے موضوع پرہم نے پہلے ’’سوئے حرم‘‘ کے نام سے ایک پروگرام ریڈیو متحدہ عرب امارات ام القیوین سے پیش کیا اور پھر شارجہ ٹی وی سے۔اور بعد میں انھیں الگ الگ مفصّل کتابوں کی شکل میں بھی مرتّب کر کے شائع کردیا۔وَلِلّٰہِ الۡحَمۡدُ.

اب ہم ’’حج وعمرہ اورقربانی وعیدین‘‘ کے طول طویل مسائل واحکام کو بہت ہی مختصر انداز سے آپ کی خدمت میں پیش کررہے ہیں۔امید ہے کہ ضروری مسائل اس مختصر انداز میں آپ کیلئے باعثِ استفادہ وپسندیدگی ہونگے۔اللہ تعالیٰ اس رسالہ کوشرفِ قبولیت سے نوازے،اور ہمارے لئے ،ہمارے فاضل ساتھی حافظ عبدالروٴف (شارجہ ) جنکی ’’سوئے حرم‘‘ پرتخریج ہے،جس سے ہم نے اِس میں بھی استفادہ کیاہے،انکے لئے اورہمارے معاون تمام دوست واحباب کیلئے دنیاوآخرت کی نجاح وفلاح کاذریعہ بنائے۔آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ابوعدنان محمدمنیرقمرنواب الدین

ترجمان سپریم کورٹ،الخبر ۔31952

وداعیہ متعاون،مراکزدعوت وارشاد

الخبر ،الدمام،الظہران (سعودی عرب )

۱۴/ذوالحج ۱۴۲۲ھ

۲۶/فروری ۲۰۰۲ء

صحیح دینی معلومات کے لئے ’’**توحید پبلیکیشنز**‘‘ کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مختصر مسائل واحکامِ حج وعمرہ

## فضائل وبرکاتِ حج وعمرہ:

[1] نماز وروزہ صرف بدنی عبادات ہیں اور زکوٰۃ صرف مالی، جبکہ حج وعمرہ، مالی وبدنی، ہر قسم کی عبادات کا مجموعہ ہے۔

[2] اسلام کے پانچ ارکان میں سے حج ایک اہم رکن ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[3] ایمان وجہاد کے بعد حجِ مبرورو مقبول افضل ترین عمل ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[4] دورانِ حج اگر کسی سے کوئی شہوانی فعل اور کسی گناہ کا ارتکاب نہ ہو تو حاجی گناہوں سے یوں پاک ہو کر لوٹتا ہے، جیسے آج ہی وہ پیدا ہوا ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[5] حجِ مبرور کی جزاء جنت ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[6] حج عورتوں کا جہاد ہے(صحیح بخاری) جسمیں کوئی قتال وجنگ بھی نہیں۔(مسند احمد، ابن ماجہ، ابن خذیمہ، دارقطنی، بیہقی، ابن ابی شیبہ) عورتوں کی طرح ہی بوڑھوں اور ضعیفوں کا جہاد بھی حج وعمرہ ہے۔( احمد، نسائی، بیہقی، عبدالرزاق، ابو یعلیٰ، طیالسی، ابن ابی شیبہ)

[7] حج وعمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہوتے ہیں۔(نسائی، ابن خذیمہ، ابن حبان، بیہقی، مستدرك حاكم)

[8] حاجی کی زندگی قابلِ رشک اور وفات قابلِ فخر ہوتی ہے کہ اگر وہ حالتِ احرام میں فوت ہو جائے تو قیامت کے دن وہ **لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ** پکارتا ہوا اٹھایا جائے گا۔(بخاری ومسلم)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[9] رمضان میں کئے گئے عمرے کا ثواب حج کے برابر ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[10] ایک عمرہ دوسرے عمرے تک کے گناہوں کا کفّارہ ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

## فرضیّتِ حج اور تارک کیلئے وعید:

[11] ''اور لوگوں پر اللہ کا یہ حق (فرض) ہے کہ جو اسکے گھر (بیت اللہ شریف) تک پہنچنے کی استطاعت رکھتے ہوں وہ اسکا حج کریں اور جو کوئی اسکے حکم کی پیروی سے انکار کرے، تو اللہ تعالیٰ تمام دنیا والوں سے بے نیاز ہے۔''(سورۃ آل عمران: ۹۷) نبی ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ نے تم پر حج فرض کیا ہے، لہٰذا تم حج کرو، ایک صحابی (اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ) نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا ہر سال حج کریں؟ انھوں نے تین بار یہ سوال دہرایا اور نبی ﷺ خاموش رہے اور بالآخر فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا، تو تم پر ہر سال حج فرض ہو جاتا اور تم اسکی طاقت نہ پاتے۔(صحیح بخاری و مسلم) حج ایک مرتبہ فرض ہے، اسکے بعد جتنی مرتبہ کریں، وہ نفل ہے۔(ابوداؤد، نسائی، ابن ماجه، دارمی، دارقطنی، بیهقی، مسند احمد، ابن ابی شیبه)

[12] حج کی استطاعت حاصل ہو جائے تو اسکی ادائیگی میں جلدی کرنا ضروری ہے۔

(مسند احمد، ابوداؤد، ابن ماجه، بیهقی، معجم طبرانی کبیر، دارمی، مستدرك حاكم)

[13] اگر توفیق ہو تو پانچ سال میں ایک مرتبہ حج کر لینا چاہیئے۔

(ابن حبان، بیهقی، مصنف عبدالرزاق، مسند ابو یعلیٰ، معجم طبرانی اوسط)

[14] استطاعت حاصل ہو جانے کے باوجود مشاغلِ دنیا میں مصروف رہے اور اسی حالت میں حج کئے بغیر ہی موت آجائے تو ان کے بارے میں سخت وعید آئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا جی چاہتا ہے کہ طاقت کے باوجود جن لوگوں نے حج نہیں کیا، میں ان پر غیر مسلموں

سے لیا جانے والا ٹیکس (جزیہ) نافذ کردوں ۔اللہ کی قسم، وہ مسلمان نہیں ہیں۔
(سنن سعید بن منصور،اخبار مکہ فاکھی،شرح الاعتقاد لا لکائی)

## مفہومِ استطاعت:

[15] استطاعت کے مفہوم میں زادِراہ (سورۃ البقرہ، آیت:۱۹۷) اور سواری (یا اسکے اخراجات) شامل ہیں۔ (ترمذی،ابن ماجہ،دارقطنی،بیہقی،ابن ابی شیبہ،شرح السنہ بغوی)

[16] اسی طرح اہل علم نے راستوں کے پرامن ہونے کی شرط بھی عائد کی ہے۔ (الفتح الربانی ترتیب وشرح مسنداحمد الشیبانی ۱۱/۱۴۲۔۱۴۳)

عورتوں کیلئے ساتھ ہی کسی محرم کا ہونا بھی شرط ہے، جو حج اور کسی بھی سفر (بخاری ومسلم) خصوصاً ایک دن اور ایک رات (صحیح بخاری و مسلم) یا زیادہ سے زیادہ تین دنوں اور تین راتوں کے ہر سفر کیلئے شرط ہے۔ (صحیح مسلم)

[17] استطاعت کے مفہوم میں ہی جسمانی استطاعت بھی شامل ہے، اگر کوئی شخص پیدل تو کیا، سواری پر بھی نہ بیٹھا رہ سکتا ہو تو اسکا حج کے سفر پر نکلنا واجب نہیں۔ (صحیح بخاری و مسلم)

## حجِ بدل:

[18] ایسا بوڑھا یا بیمار شخص اپنی طرف سے کسی کو'حجِ بدل' کروادے۔ (صحیح بخاری و مسلم)

[19] حجِ بدل عورت، مرد کی طرف سے (صحیح بخاری و مسلم) مرد، عورت کی طرف سے (صحیح بخاری و مسلم) عورت، عورت کی طرف سے (صحیح بخاری و مسلم) اور مرد مرد کی طرف سے کر سکتے ہیں۔ (ابوداؤد،ابن ماجہ،صحیح ابن حبان،صحیح ابن خذیمہ،دارقطنی، بیہقی،مسند ابو یعلی،معجم طبرانی صغیر)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

[20] حج بدل کرنے والے کیلئے شرط ہے کہ وہ پہلے اپنی طرف سے فریضۂ حج ادا کر چکا ہو۔
(ابوداؤد،ابن ماجه،ابن حبان،ابن خذیمه،دارقطنی،بیهقی، ابو یعلی ،معجم طبرانی صغیر)

## سفرِ حج وعمرہ پرروانگی:

[21] تقویٰ وپرہیزگاری کواختیار کریں کہ یہی بہترین زادِراہ ہے۔(سورة البقره:١٩٧)

[22] پورے سفرِ حج کے دوران بیہودہ وشہوانی افعال واقوال،لڑائی جھگڑے اورفسق وفجور سے بچیں۔(سورة البقره:١٩٧ وصحيح بخاری و مسلم)

[23] روانگی سے قبل خلوصِ نیّت سے سابقہ تمام گناہوں سے توبہ کرلیں۔(سورةالنور:٣١)
اسطرح سابقہ تمام گناہوں سے پلّہ پاک ہوجائے گا۔(ابن ماجه،معجم طبرانی کبیر)

[24] اگرآپ کے ذمے کسی کا کوئی حق یاامانت ہوتو وہ ادا کردیں یالکھ جائیں۔(النسآء:٥٨)

[25] خلوص وللّٰہیت اختیار کریں کہ یہ قبولیتِ عمل کی ایک شرط ہے۔ (سورةالبیّنه:٥)

[26] مالِ حلال سے حج وعمرہ کریں،ورنہ اللہ کے یہاں قبولیّت ناممکن ہے۔(سورةالبقره:١٧٢
سورة المؤمنون:٥١ وصحيح مسلم)

[27] سفرِ حج وعمرہ کے دوران خصوصاً اورعام حالات میں عموماً ممنوع زیب وزینت مثلاً داڑھی منڈوانا(صحيح بخاری و مسلم) اورمردوں کا سونے (کی انگھوٹھی یاچین وغیرہ) کا استعمال کرنا حرام وفسق ہے۔(صحيح بخاری و مسلم)

[28] زندگی بھر عموماً اور سفرِ حج وعمرہ میں خصوصاً اعمال کے برباد کردینے والے شرک(الانعام:٩٨،الزمر:٦٥) اورفتنہ ودردناک عذاب کا باعث بننے اورجہنم لے جانے والی بدعات(النور:٦٣ و صحيح مسلم) کی تمام الائشوں سے اپنے آپکو پاک رکھیں۔

صحیح دینی معلومات کے لئے ’’**توحید پبلیکیشنز**‘‘ کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

**[29]** سفرِ حج وعمرہ پرکسی بھی دن نکل سکتے ہیں، البتہ مسنون ومستحب دن، جمعرات (صحیح بخاری و مسلم) اورصبح کاوقت (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی، بیہقی، ابن ابی شیبہ، مسند احمد) یاپھرکم ازکم دوپہروزوالِ آفتاب کاوقت ہے۔ (صحیح بخاری و مسلم)

**[30]** کسی موحّد، متّبع سنت اور بااخلاق انسان کواپنارفیقِ سفربنالیناچاہیئے . (بخاری ومسلم)

**[31]** آغازِ سفرپرگھرمیں دورکعتیں پڑھنے کاصحیح احادیث سے ثبوت نہیں ملتا۔ابن ابی شیبہ اور ابن عساکروغیرہ والی مرفوع حدیث ضعیف ہے۔(سوئے حرم از مؤلف، تخریج: حافظ عبدالرؤف ص ١١٠۔١١٢) البتہ حضرت ابن عمررضی اللہ عنہماوالاموقوف اثرسنداً صحیح ہے، جسمیں انکاسفرپرنکلنے سے پہلے مسجدمیں جاکردورکعتیں پڑھناثابت ہے۔(ابن ابی شیبہ و حوالۂ سابقہ) سفرسے واپسی پرنبی ﷺ کامسجدمیں دورکعتیں پڑھ کرگھرمیں داخل ہوناثابت ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

**[32]** سفرسے واپس آکرگھرمیں دن کےوقت یاسرِشام داخل ہوناچاہیئے ۔(بخاری و مسلم) طویل سفرسے واپسی پراطلاع کئے بغیررات کواپنے گھرآنے سے بھی نبی ﷺ نےمنع فرمایا ہے۔(بخاری و مسلم) اسمیں بہت ہی حکمتیں اورمصلحتیں ہیں۔(فتح الباری ٩/٣٣٩۔٣٤١)

**[33]** گھرسے نکلتےوقت یہ دعاءکریں:

**((بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ))**

(ابوداؤد، ترمذی، عمل الیوم واللیلہ نسائی)

’’اللہ کانام لیکراوراس پرتوکّل کرکے (گھرسے نکل رہاہوں) اوراسکی توفیق کےبغیرنہ نیکی کرنے کی ہمت ہے، نہ برائی سے بچنے کی طاقت۔‘‘

صحیح دینی معلومات کے لئے ’’**توحید پبلیکیشنز**‘‘ کی کتابوں کامطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[34]** مسافر کوالوداع کرنے والے یہ کہیں:

**((اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِکَ))**

(حوالہ جاتِ سابقہ و ابن ماجہ)

''میں تیرے دین وامانت اور خاتمۂ عمل کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔''

**[35]** مسافر جوابی دعاء یوں کرے:

**((اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا تَضِيْعُ وَ دَائِعُهٗ))**

(ابن ماجہ،مسند احمد،عمل الیوم واللیلۃ نسائی و ابن السنی)

''میں آپ سب کو اس ذاتِ الٰہی کے سپرد کرتا ہوں، جسکے سپرد کی گئی کوئی چیز ضائع نہیں ہوتی۔''

**[36]** سواری پر بیٹھتے وقت یہ دعاء کریں:

**((اَللّٰهُ اَکْبَرُ،اَللّٰهُ اَکْبَرُ ،اَللّٰهُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ))**

(الزخرف: ۱۳۔۱۴،صحیح مسلم)

''اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے،
پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے لئے مسخّر کیا، ورنہ ہم
میں اسکی طاقت نہ تھی اور ہم سب اپنے رب کی طرف ہی لوٹ کر جانے
والے ہیں۔''

**[37]** محض زیادہ ثواب کی نیّت سے طویل سفر پیدل کر کے حج وعمرہ کرنے کیلئے مکہ مکرمہ جانا

بعض وجوہات کی بناء پر غلط ہے۔سواری اللہ کی نعمت ہے۔استطاعت ہوتو اسے استعمال کر لینا چاہیئے۔اور یہی افضل ہے۔( فقه السنه ۱/۶۴۰،فتح الباری ۴/۶۹،۷۹۔۸۰،۱۱/۵۸۸۔۵۸۹)
یہی نبی ﷺ کا حکم ہے۔(صحیحین سننِ اربعه ،ابن خذیمه،بیهقی،طبرانی اوسط)

## مواقیتِ حج وعمرہ:

[38] عمرہ کیلئے سال کے کسی بھی ماہ اور کسی بھی وقت احرام باندھا جاسکتا ہے۔(الفتح الربانی ۱۱/۵۱۔۵۸) البتہ حج کے احرام کیلئے مہینے مقرر ہیں۔(البقره:۱۸۹،۱۹۷) جو کہ شوال،ذوالقعدہ اور ذوالحجہ ہیں۔( بخاری تعلیقاً، شافعی، حاکم،دارقطنی،بیهقی، طبرانی اوسط و صغیر)

[39] حج وعمرہ کیلئے جانے والوں کے احرام باندھنے کے مقامات یہ ہیں:

❶ مدینہ سے ہوتے ہوئے آنے والوں کیلئے ذوالحلیفہ (بئرِ علی)،❷ اہلِ شام اور اس راہ سے (اندلس،الجزائر،لیبیا،روم،مراکش وغیرہ سے) آنے والوں کیلئے جحفہ (رابغ)،❸ اہلِ نجد اور براستہ الریاض۔الطائف گزرنے والوں کیلئے قرن المنازل(السیل الکبیر یا وادئ محرم)،❹ اہلِ یمن اور اس راستے سے( جنوبِ سعودیہ،انڈونیشیا،چین،جاوہ،انڈیا اور پاکستان سے) آنے والوں کیلئے یلملم (سعدیہ) ❺ اور ان مقامات سے اندرونی جانب رہنے والوں کیلئے انکے اپنے گھر ہی میقات ہیں۔(صحیح بخاری ومسلم) ❻ اہلِ عراق اور اس راستہ سے(ایران اور براستہ حائل) آنے والوں کا میقات ذاتِ عرق نامی مقام ہے۔(صحیح مسلم) مصر کیلئے بھی شام والوں کا ہی میقات ہے۔(نسائی،دارقطنی،بیهقی،نیز دیکھیئے:فتح الباری ۳/۳۸۴۔۳۹۱،الفتح الربانی ۱۱/۱۰۵ وما بعد،المرعاة شرح مشکوٰة ۶/۲۳۲ ومابعد،فقه السنه)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

[40] حج وعمرہ کی نیّت سے مکہ مکرمہ جانے والا اگر احرام باندھے بغیر میقات سے گزر جائے تو واپس لوٹ کر میقات سے احرام باندھ کر جائے یا پھر اندر ہی کہیں سے احرام باندھ لے تو دَم (فدیہ کا بکرا) دے اور اس کا حج وعمرہ صحیح ہوگا۔(الفتح الربانی والمرعاة)

[41] کسی ذاتی غرض، تجارت، تعلیم، علاج وغیرہ سے جائے اور حج وعمرہ کا ارادہ نہ ہو تو بلا احرام حدودِ حرم میں داخل ہوسکتا ہے۔ (حوالہ جاتِ سابقہ)

[42] پاک و ہند سے ہوائی جہاز سے آنے والے لوگ احرام کی چادریں اور خواتین احرام کے کپڑے پہن کر چلیں اور جہاز کے عملے کے یہ بتانے پر کہ میقات سے گزر نے لگے ہیں، وہاں سے لَبَّیْکَ.... پکارنا شروع کردیں۔ ہوائی مسافروں کا جہاز میقات سے گزر کر جدہ آتا ہے، لہٰذا انکے لئے جدہ میقات نہیں ہے۔(تنبیهات علیٰ أنّ جده لیست میقاتا للشیخ محمد عبدالله بن حمید والمرعاة ۶/ ۲۳۵-۲۳۸)

## احرام باندھنے کا طریقہ:

[43] غسل کر کے احرام باندھنا سنت ہے۔(ترمذی، ابن خذیمه، دارقطنی، بیهقی)

حیض والی عورتیں بھی غسل کرلیں اور احرام باندھ لیں۔(صحیح مسلم) سردی یا کسی وجہ سے آپ غسل نہ کرسکیں تو بھی کوئی حرج نہیں۔(شرح مسلم نووی، الفتح الربانی)

[44] غسل یا وضوء کر کے احرام کی نیّت کرنے سے پہلے مردوں کا بدن پر خوشبو لگانا جائز ہے، چاہے اسکا اثر بعد میں دیر تک ہی کیوں نہ رہے۔(صحیح بخاری ومسلم)

[45] مرد، دو سفید چادریں لے لیں، عورتیں معمول کا صاف ستھرا اور موٹا وساتر لباس ہی بطورِ احرام استعمال کرلیں۔ مرد سر کو ننگا رکھیں اور ایسا جوتا پہنیں جو ٹخنوں کو نہ ڈھانپے۔ عورتیں

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

دستانے نہ پہنیں اور نہ ہی منہ پر نقاب باندھیں، البتہ غیرمحرم لوگوں سے سر سے کپڑا گرا کر پردہ کریں۔( ابوداؤد،ابن ماجه،ابن خذیمه ،دارقطنی ،بیهقی ،مسند احمد، حاکم،مؤطا مالك)

**[46]** احرام کیلئے کوئی مخصوص نماز نہیں۔فرض، اشراق، ضحیٰ، تحیۃ الوضوء یا تحیۃ المسجد کی رکعتیں پڑھ لیں تو وہی کافی ہیں۔(مجموع فتاوی ابن تیمیه ۱۰۸/۲۶۔۱۰۹)بعض احادیث کی رو سے جمہور علماء کے نزدیک یہ دو رکعتیں مستحب ہیں ضروری نہیں، اور انکا وقت احرام باندھنے کے بعد اور لَبَّیْک..... پکارنا شروع کرنے سے پہلے ہے۔(بخاری ومسلم)

**[47]** صرف عمرہ یا افضل ترین حجِ تمتع کا عمرہ کرنے والا دل میں نیّت کر لے اور یہ الفاظ کہنا بھی ثابت ہے:

**((اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ عُمْرَۃً))** ''اے اللہ! میں عمرہ کیلئے حاضر ہوا ہوں۔''

اور اگر حجِ قِران کرنا ہو تو یہ کہیں:

**((اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ حَجًّا وَ عُمْرَۃً))** ''اے اللہ! میں حج وعمرہ کیلئے حاضر ہوا ہوں۔''

صرف حجِ مُفرد (بلاعمرہ) کرنا ہو تو یوں کہیں:

**((اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ حَجًّا))** ''اے اللہ! میں حج کیلئے حاضر ہوا ہوں۔''

**[48]** اسکے بعد تلبیہ کہنا شروع کر دیں' جو یہ ہے:

**((لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ ، لَا شَرِیْکَ لَکَ))** (صحیح بخاری و مسلم)

''میں حاضر ہوں، اے میرے رب! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ بیشک ہر قسم کی تعریف، تمام نعمتیں،

اور بادشاہی تیرے ہی لئے ہیں، تیرا کوئی شریک نہیں۔''

ساتھ ہی یہ کہتے جائیں:

**((لَبَّيْكَ اِلٰهُ الْحَقِّ لَبَّيْكَ))**

(نسائی،ابن ماجه،بیهقی، ابن حبان،ابن خذیمه،دارقطنی، حاکم، احمد،طیالسی)

''میں حاضر ہوں،اے معبودِ برحق! میں حاضر ہوں۔''

تلبیہ بلند آواز سے کہنا چاہیئے ،حتیٰ کہ خواتین بھی اتنی آواز سے کہیں کہ انکی ساتھی خواتین سن سکیں۔دوسرے مردوں تک ان کی آواز نہ جائے۔(منسك ابن تیمیه بحواله مناسك الحج والعمره للالبانی ص۱۸)

**[49]** میقات سے عمرہ کا احرام باندھیں اور عمرہ کر کے احرام کھول دیں ، معمول کے لباس میں رہیں، ۸ ذوالحجہ(یومِ ترویہ ) کو پھر اپنی رہائش گاہ سے حج کا احرام باندھیں اور دس ذوالحجہ کو قربانی کے بعد کھول دیں۔ یہ حجِ تمتّع ہے، جو کہ افضل ترین حج ہے۔(بخاری و مسلم نیز دیکھیئے نیل الاوطار ۲/۴/۳۱۰۔۳۱۴،الفتح الربانی ۱۱/۹۵۔۹۶)

**[50]** میقات سے حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھیں اور عمرہ کر کے احرام نہ کھولیں،اسی حالت میں ۸ ذوالحجہ کو منیٰ چلے جائیں ،۱۰ ذوالحجہ کو قربانی کے بعد احرام کھول دیں۔ یہ حجِ قِران ہے۔اگر قربانی کا جانور ساتھ لے لیا ہو تو پھر حجِ قِران کرنا ہی سنت ہے۔

**[51]** میقات سے حج کا احرام باندھیں ،مکہ پہنچ کر طوافِ قدوم وسعی کریں اور احرام کھولے بغیر منیٰ چلے جائیں اور تمام مناسکِ حج پورے کر کے احرام کھول دیں۔ یہ حج مفرد ہے اور اس حج کے ساتھ قربانی واجب نہیں ہے۔

## محرّماتِ احرام: (وہ اُمور جو احرام کی حالت میں منع ہیں):

[52] احرام کی حالت میں بال کٹوانا، کاٹنا یا نوچنا حرام ہے۔(البقرہ:۱۹۶) کسی عذر کی وجہ سے بال کٹوانے پڑیں تو اس پر فدیہ ہے، جو کہ چھ مسکینوں کا کھانا یعنی تین صاع (ساڑھے چھ کلو گرام) غلہ بانٹ دو یا تین روزے رکھ لو یا پھر ایک بکرا ذبح کردو۔(صحیح مسلم)

[53] ناخن کاٹنا (مردوزن) سلے ہوئے کپڑے پہن لینا، جرابیں پہن لینا، سر ڈھانپنا (مردوں) اور خوشبو لگانا عورتوں اور مردوں کیلئے حرام ہے۔(صحیح بخاری ومسلم)

[54] عورتوں کا دستانے پہننا اور نقاب (ڈھاٹا) باندھنا بھی منع ہے۔(صحیح بخاری)
لیکن وہ سر کے کپڑے سے غیر محرم لوگوں سے پردہ کریں، جیسا کہ امہات المؤمنین اور صحابیات رضی اللہ عنہنّ نے کیا تھا۔(ابوداؤد،ابن ماجہ،ابن خذیمہ،دارقطنی،بیہقی، احمد، حاکم،موطامالك)

[55] نکاح ومنگنی کرنا بھی منع ہے۔(صحیح مسلم)

[56] جنگلی جانوروں کا شکار کرنا (المائدہ:۹۵۔۹۶) بھی منع ہے۔اگر غلطی سے شکار کر بیٹھے تو فدیہ دے (المائدہ:۹۵) نیل گائے کے بدلے پالتو گائے اور ہرن کے بدلے بکری ذبح کرے اور اگر مالی استطاعت نہ ہو تو ایسے جانوروں کی قیمت لگا کر اسکے برابر غلہ بنایا جائے اور پھر ہر ایک صاع (دو کلو) کے بدلے ایک روزہ رکھیں (تفسیر ابن کثیر مترجم اردو ۲۲/۲۔۲۷) بجّو کے شکار کے بدلے مینڈھا ہے۔(ابوداؤد،ترمذی،نسائی،ابن ماجہ،ابن حبان،ابن خذیمہ،دارقطنی، بیہقی، حاکم،مسند احمد،ابو یعلیٰ) خرگوش کے شکار پر بکری کا ایک سال سے چھوٹا بچہ (موطا مالك،مسند شافعی،بیہقی) جنگلی گدھے کے شکار پر گائے (بیہقی) کبوتر پر بکری (مسند شافعی) لومڑی اور گوہ پر بھی بکری کا ایک سال کا بچہ فدیہ ہے۔(مسند شافعی)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

**[57]** جماع (ہم بستری)، بوس وکنار، بدکاری ومعصیت اور لڑائی جھگڑا بھی منع وحرام ہے۔ (البقرہ:۱۹۷) جماع سے حج باطل ہو جاتا ہے اور بوس وکنار سے حج باطل تو نہیں ہوتا مگر اس پر دَم (ایک بکری ذبح کرکے بانٹنا) ہے۔ (المغنی ۳/۳۱۰، الفتح الربانی ۱۱/۲۳۳۔۲۳۶)

**[58]** بلاضرورت کنگا کرنا مکروہ ہے (شرح مسلم نووی ۴/۸/۱۴۰) اور اگر کوئی واقعی ضرورت پیش آجائے تو پھر جائز ہے۔ (صحیح بخاری ومسلم)

## آدابِ حرمینِ شریفین:

**[59]** حدودِ حرمین میں اُگے ہوئے درخت، گھاس اور نباتات کاٹنا ہر حال میں منع ہے۔ البتہ اِذخر نامی گھاس، خوداُگائی ہوئی سبزیات اور سوکھے ہوئے درختوں یا گھاس پھوس کو کاٹنے کی اجازت ہے۔ (بخاری ومسلم نیز دیکھیئے المغنی ۳/۳۱۵،۳۱۶)

**[60]** احرام کی حالت کی طرح حدودِ حرم میں بھی شکار کرنا منع ہے۔ البتہ مرغی وبکری وغیرہ ذبح کرسکتا ہے اور ان کا گوشت بھی کھا سکتا ہے۔

**[61]** حدودِ حرم میں گری پڑی چیزوں کا اُٹھانا بھی منع ہے، سوائے اسکے جو اعلان کروانا (یا دفتر مفقودات وگمشدہ اشیاء میں جمع کروانا) چاہتا ہو۔ (صحیح بخاری ومسلم)

## مباحاتِ احرام: (وہ امور جو احرام کی حالت میں جائز ہیں):

**[62]** غسلِ جنابت کے جواز پر تو تمام علماء امت کا اجماع ہے۔ (فتح الباری ۴/۵۵۔۵۶، الفتح الربانی ۱۱/۲۱۰۔۲۱۳) اور محض ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے بھی جائز ہے۔ (بخاری ومسلم) سر کو دونوں ہاتھوں سے مَل کر دھو سکتے ہیں۔ (صحیح بخاری ومسلم) دورانِ غسل اگر سر یا بدن کا کوئی بال خود بخود ٹوٹ کر گر جائے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ (الفتح الربانی ۱۱/۲۱۳، فتاویٰ ابن

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

تیمیہ ۱۱۶/۲۶) اسکے لئے کوئی بھی صابن استعمال کر سکتے ہیں، البتہ احناف کے نزدیک اُس صابن کا خوشبودار نہ ہونا ضروری ہے۔(الفقه علی المذاهب الاربعه ۶۵۰/۱۔۶۵۱،فقه السنه ۶۶۶/۱) سر دھوتے یا نہاتے وقت اگر پانی میں غوطہ لگانے سے سر ڈھک جائے تو اسمیں کوئی حرج نہیں۔(مسند شافعی وسنن کبریٰ بیهقی) بوقت ضرورت احرام کا کوئی کپڑا بدلا یا دھویا جاسکتا ہے۔(دارقطنی،بیهقی،المحلّیٰ ابن حزم)

**[63]** چھتری، کپڑے، خیمے، درخت یا گاڑی کے چھت وغیرہ کے نیچے سائے میں بیٹھنا جائز ہے۔(بخاری ومسلم،نیز دیکھئے فتاویٰ ابن تیمیه ۱۱۲/۲۶،فقه السنه ۶۶۷/۱۔۶۶۹)

**[64]** بوقتِ ضرورت آنکھوں میں سُرمہ یا کوئی دوا لگانا بھی روا ہے۔ (صحیح مسلم) محض زینت کیلئے سُرمہ لگانا مناسب تو نہیں، لیکن اس پر کوئی فدیہ بھی نہیں۔(المغنی ۲۹۵/۳)

**[65]** مچھلی وغیرہ کا سمندری شکار کرنا اور اسکا گوشت کھانا جائز ہے۔(سورۃالمائدہ:۹۶)

**[66]** بلاقصد وارادہ عورت سے چُھو جانے میں کوئی مضایقہ نہیں۔(الفتح الربانی ۲۳۶/۱۱) البتہ شہوت کے ساتھ چُھونا اور بوس وکنار کرنا حرام ہے، جسکی تفصیل محرّماتِ احرام میں گزری ہے۔

**[67]** موذی جانوروں، سیاہ وسفید کوّے، چیل، بچھّو، چوہے اور کاٹنے والے پاگل کتّے کو (احرام کی حالت اور حرم میں بھی) مارنا جائز ہے۔(بخاری و مسلم) شیر، چیتا اور بھیڑیا بھی مار سکتے ہیں۔(مستدرك حاکم،نیز دیکھیئے فتح الباری ۳۶/۴۔۳۹) عام گھریلو کالا کوّا اس حکم سے خارج ہے۔( فتح الباری ۳۸/۴،فقه السنه ۶۷۱/۱) مکھی، مچھر، کھٹمل، چیچڑی، چیونٹی اور جوئیں نکال کر پھینک سکتا ہے اور ماردے تو بھی کوئی حرج نہیں، البتہ مارنے سے پھینکنا اچھا ہے۔(المحلّی ابن حزم ۲۴۵/۷،فتاویٰ ابن تیمیه ۱۱۸/۲۶،فقه السنه ۶۷۰/۱)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

[68] احرام کی حالت میں سر کا ڈھانپنا تو منع ہے، جیسا کہ محرّ مات میں ذکر ہوا ہے، البتہ منہ ڈھانپ سکتے ہیں. (فتح الباری ۵۴/۴۔۵۵، شرح مسلم نووی ۱۲۶/۸۔۱۲۹، فقه السنه ۶۶۶/۱)

[69] پچھنے اور سینگی لگوانا یا فصد کروانا جائز ہے (بخاری ومسلم) سر یا جسم کے کسی حصے کو احتیاط کے ساتھ خراش سکتا ہے۔ (بخاری تعلیقاً، مالك و بیهقی موصولاً) اسکے باوجود اگر کوئی بال گر جائے تو کوئی حرج نہیں. (فتاویٰ ابن تیمیه ۳۶۸/۲ بحواله حجة النبی ﷺ للالبانی ص ۲۷)

[70] بیلٹ، گھڑی، عینک لگانا، پرس باندھنا، آئینہ دیکھنا، چادر کو گرہ لگانا، عورت کا زیور پہننا اور مرد کا چاندی کی انگھوٹھی پہن لینا جائز ہے۔ (بخاری، مالك، ابن حزم ،فقه السنه ۶۶۸/۱)

[71] پھول یا کسی بُوٹی کی خوشبو سونگھنا، دانت داڑھ نکلوانا، مرہم پٹی کروانا، ٹوٹے ہوئے ناخن کو اتار کر پھینکنا قابلِ مواخذہ نہیں ہے۔ (بخاری، مؤطامالك، بیهقی، محلّیٰ ، فقه السنه ۶۶۷/۱)

بوقتِ ضرورت سر پر کچھ اٹھا لینے سے سر ڈھک جائے تو کوئی حرج نہیں۔ (فقه السنه ۶۶۶/۱)

## آدابِ دخول مکہ ومسجدِ حرم:

[72] ممکن ہو تو دخولِ مکہ سے قبل کہیں غسل کریں، دن کو شہرِ مکّہ میں داخل ہوں، اس دن سے پہلی رات مقامِ ذی طویٰ (آبارِ زاہد) پر گزاریں (بخاری و مسلم)

مکہ میں بالائی جانب (ثنیہ کداء یا ثنیہ علیاء) کی طرف سے داخل ہوں اور مکہ کی زیریں جانب سے نکلیں۔ (بخاری ومسلم) اگر یہ ممکن نہ ہو تو کسی بھی راستہ سے داخل ہو سکتے اور نکل سکتے ہیں۔ (ابوداؤد، ابن ماجه، دارمی، بیهقی، ابن خذیمه، مسند احمد، مستدرك حاکم)

[73] باب السلام سے ہوتے ہوئے باب بنی شیبہ کے راستے مسجد حرام میں داخل ہوں۔ (ابن خذیمه، بیهقی، مستدرك حاکم) مسجدِ حرام میں داخلے کے وقت بھی دایاں قدم پہلے اندر

رکھیں۔( بیھقی ومستدرک حاکم)اور یہ دعاء کریں:

((اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ،اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ)) ( مسلم)

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر درود ورحمتیں نازل فرما۔اے اللہ!

میرے لئے رحمتوں کے دروازے کھول دے۔''

**[74]** بیت اللہ شریف ( کعبہ شریف ) پر نظر پڑے تو اسوقت کیلئے نبی ﷺ سے تو کوئی دعاء ثابت نہیں اور جو مشہور ہے، وہ ضعیف ہے۔البتہ حضرت عمرِ فاروق اور سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہما یہ دعاء کیا کرتے تھے:

((اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ فَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَام))

(ابن ابی شیبہ،بیھقی،اخبار مکہ ازرقی،کتاب الام شافعی)

''اے اللہ! تو سلام ہے اور تجھی سے سلامتی ہے۔اے ہمارے رب!

ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ۔''

**[75]** کعبہ شریف کو دیکھ کر نبی ﷺ کا دونوں ہاتھوں کو اٹھانا تو صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ البتہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے صحیح سند سے مروی ہے کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھایا کرتے تھے۔(مناسك الحج والعمرہ للالبانی ص۲۰)

## مسائل واحکام اور طریقۂ طواف:

**[76]** مسجدِ حرام کا تحیہ،طواف ہے،لہٰذا یہاں داخل ہوتے ہی تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں نہ پڑھیں بلکہ طواف شروع کر دیں۔ہاں اگر کوئی فرض نماز رہتی ہے تو وہ پہلے پڑھ لیں۔

(المغنی ۳/۳۴۳،فقہ السنہ ۱/۶۹۳)

صحیح دینی معلومات کے لئے''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[77]** طواف کیلئے طہارت ووضوء شرط ہے۔(بخاری ومسلم)

حیض ونفاس کی حالت میں طواف نہ کیا جائے۔(بخاری ومسلم)

**[78]** سب سے پہلے حجر اسود کے سامنے آئیں اور **بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ** کہتے ہوئے اسے بوسہ دیں اور طواف شروع کردیں۔(بخاری ومسلم) اور اگر بوسہ نہ دے سکیں تو ہاتھ یا چھڑی لگا کر اسے بوسہ دے لیں۔(بخاری ومسلم) اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو دور سے ہی تکبیر کہتے ہوئے اشارہ کریں اور طواف شروع کردیں۔(بخاری ومسلم) صرف اشارے کی شکل میں ہاتھ کو بوسہ دینا ثابت نہیں ہے۔ یہ عمل طواف کے ساتوں چکروں میں سات مرتبہ دہرائیں۔

(ابوداؤد،نسائی،ابن خذیمه، بیهقی، احمد، حاکم) یہاں دھکم پیل اور زور آزمائی جائز نہیں اور بوسہ دینے کیلئے کمزوروں کو تکلیف نہیں دینی چاہیئے .(احمد، بیهقی،عبدالرزاق، کتاب الام شافعی)

**[79]** طواف کے ہر چکر میں رکنِ یمانی کو بوسہ دینا ثابت نہیں نہ اشارہ کرنا۔ ممکن ہو تو صرف ہاتھ سے چُھونا روا ہے۔(نیل الاوطار شوکانی ۳/۵/۴۲-۴۳،مناسك الحج والعمره ص۲۲)

**[80]** صرف پہلے طواف کے ساتوں ہی چکروں میں مردوں کیلئے اضطباع (دایاں کندھا ننگا کرنا) اور ان میں سے صرف پہلے تین چکروں میں رمل چال (آہستہ آہستہ دوڑنا) ضروری ہے۔(ابوداؤد،ترمذی،ابن ماجه،دارمی، بیهقی،مسند احمد،معجم طبرانی کبیر)

رمل سنتِ رسول ﷺ ہے۔(بخاری ومسلم) مگر عموماً اسمیں لاپرواہی کی جاتی ہے۔

**[81]** حجرِ اسود اور بابِ کعبہ کی درمیانی دیوار ''ملتزم'' کے ساتھ چمٹنا، اس پر چہرہ، سینہ، ہاتھ اور بازو لگانا اور دعائیں کرنا بھی مسنون عمل ہے.(ابوداؤد،ابن ماجه،دارقطنی،بیهقی،مسنداحمد مصنف عبدالرزاق) اس کیلئے کوئی وقت مقرر نہیں، البتہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دخولِ مکہ کے

وقت یعنی طواف کے ساتھ ہی کسی وقت کر لیتے تھے۔(مناسك الحج والعمره ص۲۳)

[82] طواف، حطیم (حجرِ اسماعیل علیہ السلام کا نیم دائرہ) کے باہر سے گزر کر کرنا چاہیئے (بخاری) تاکہ پورے بیت اللہ کا طواف ہو جسکا کہ حکم ہے۔(سورۃالحج:۲۲)

[83] حجرِ اسود، رکنِ یمانی اور ملتزم کے سوا پورے بیت اللہ (کعبہ شریف) کے کسی بھی حصہ کو بوسہ دینا یا چُھونا یا اشارہ کرنا ثابت نہیں ہے۔(بخاری و مسلم نیز دیکھیئے: مجموع فتاویٰ ابن تیمیه ۹۷/۲۶،مناسك الحج والعمره ص۲۲)

[84] دورانِ طواف بلاضرورت لایعنی گفتگو نہ کریں، کیونکہ طواف بھی نماز ہی ہے، البتہ اسمیں جائز گفتگو حلال ہے۔(ترمذی،نسائی،ابن حبان ،ابن خذیمه،دارمی،طبرانی ، احمد، حاکم)

[85] رکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیانی حصہ میں یہ دعاء کریں:

﴿رَبَّنَاآتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾

’’اے ہمارے رب! ہمیں دنیا وآخرت کی بھلائیاں عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔‘‘ (البقرہ:۲۰۲)

(ابوداؤد،مسند احمد،ابن حبان،بیهقی،حاکم، عبدالرزاق،ابن ابی شیبه،ابن خذیمه)

باقی سارے چکر اور ساتوں ہی چکروں میں قرآنِ کریم اور صحیح احادیث سے ثابت شدہ کوئی بھی دعاء کریں، چاہے اپنی اپنی زبان میں دعائیں مانگیں، کوئی حرج نہیں۔(ابن تیمیه بحواله مناسك الحج والعمره ص ۲۳) اور سات چکروں کیلئے الگ الگ جو سات دعائیں تجویز کی گئی ہیں، ان کے ’’چکر‘‘ میں نہیں آنا چاہیئے۔

[86] بیت اللہ کے جتنا قریب ہو کر طواف کریں، اتنا ہی افضل ہے، البتہ بھیڑ کی وجہ سے جہاں

بھی ممکن ہوکرلیں، پوری مسجدِ حرام (اوراسکی سب منزلوں) میں طواف صحیح وجائز ہے۔
(التحقیق والایضاح للشیخ ابن باز ص۳۱)

[87] اگر طواف کے چکروں میں شک ہوجائے تو تھوڑی تعداد پر اعتماد کر کے باقی تعداد کو پورا کرلیں۔ (حوالۂ سابقہ)

[88] پیدل طواف افضل ہے، مگر کسی ضرورت ومجبوری کے تحت سوار ہوکر طواف کرنا بھی جائز ہے۔ (صحیح بخاری و مسلم)

[89] طواف کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے اور نہ ہی طواف والی دو رکعتوں کا کوئی وقتِ کراہت ہے، وہ بھی ہر وقت پڑھی جاسکتی ہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن خذیمہ، بیہقی، دارقطنی، مسند احمد، ابو یعلیٰ، مستدرك حاكم)

[90] استحاضہ (عورت کو خون کا قطرہ آتے رہنا) بواسیر، سلسلِ بول (پیشاب) اور سلسلِ ریح (ہوا) کی بیماری والے طواف ونماز ادا کرسکتے ہیں۔ (بخاری و مسلم، فقہ السنہ ۱/۶۹۶)

[91] دورانِ طواف نماز کا وقت ہوجائے یا بول وبراز کی حاجت ہوجائے تو اپنی نماز سے فارغ ہوکر جہاں سے طواف چھوڑا تھا، وہیں سے شروع کرلیں۔ (بخاری مع فتح الباری ۳/۴۸۴ المغنی ۳/۳۵۵، فقہ السنہ ۱/۶۹۸)

[92] طواف کے سات چکروں سے فارغ ہوکر مقامِ ابراہیم علیہ السلام پر آجائیں اور یہ پڑھیں:

﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ (البقرہ:۱۲۵)

''اور مقامِ ابراہیم علیہ السلام کو جائے نماز بناؤ۔''

مقامِ ابراہیم کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان رکھ کر (صحیح مسلم) دو رکعت نماز پڑھیں۔

(صحیح بخاری ومسلم) اگر اژدہام کی وجہ سے ایسا ممکن نہ ہوتو پھر سارے حرم میں کہیں بھی یہ دو رکعتیں پڑھی جاسکتی ہیں۔ اگر بھول جائیں تو حرم یا خارج از حرم کہیں بھی انکی قضاء بھی ممکن ہے۔(فتح الباری ۳/۴۸۷) پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ اور دوسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھنا مسنون ہے۔(ابن ماجہ،نسائی،بیھقی) ایک حدیث میں پہلی رکعت میں الاخلاص اوردوسری میں الکافرون آیا ہے۔(مسلم) مگر قرآنی ترتیب کے مطابق پہلی حدیث ہی ہے۔ یہ دو رکعتیں پڑھ کر وہیں بیٹھے بیٹھے خوب دعاء کریں۔

**[93]** اب آبِ زمزم پئیں، بشرطیکہ روزہ نہ ہو اور اپنے سر پر بھی پانی ڈالیں. (مسند احمد) ایک حدیث میں چہرہ دھونے کا بھی ذکر ہے، مگر وہ روایت ضعیف ہے۔(اخبار مکہ فاکھی ،تخریج سوئے حرم ص۲۸۹) پورا وضوء کرنے بلکہ نہانے اور اسمیں کفن ونقدی بھگونے والے اپنی اداؤں پر ذرا غور کریں۔ آبِ زمزم مریضوں کو پلانا اوران پر چھڑکنا نبی ﷺ سے ثابت ہے۔(تاریخِ کبیر امام بخاری،ترمذی، مسند ابو یعلیٰ،مستدرك حاکم،بیھقی)

**[94]** زمزم پی کر پھر حجرِ اسود کا استلام (بوسہ، چُھونا یا اشارہ) کریں تاکہ طواف کا اول وآخر نبی ﷺ کی طرح استلام پر ہی ہو۔ اور پھر بابِ صفا سے صفا پر چلے جائیں۔ (صحیح مسلم)

## مسائل واحکام اور طریقۂ سعی:

**[95]** سعی کا آغاز کرنے کیلئے صفا پہاڑی کے اوپر تک چلے جانا مسنون وافضل ہے۔ وہاں یہ آیت پڑھیں:

﴿اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ (البقرہ:۱۵۸)

''بیشک صفا ومروہ اللہ کے شعائر ونشانیوں میں سے ہیں۔''

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

اور ساتھ ہی یہ کہیں:

**((اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ))** (صحیح مسلم)

''میں بھی وہیں سے سعی شروع کرتا ہوں جہاں سے اللہ نے (تذکرہ) شروع فرمایا ہے۔''

صفا پر قبلہ رو کھڑے ہو کر تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں اور پھر تین مرتبہ ہی یہ ذکرِ الٰہی دہرائیں:

**((لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَا شَرِيْکَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ))**

''اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، اسکا کوئی شریک نہیں۔ بادشاہی اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

**((لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، اَنْجَزَ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ))** (صحیح مسلم)

''اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اکیلے نے تمام سرکش جماعتوں کو شکست دی۔''

**[96]** اب یہاں اپنے لئے خوب دعائیں کریں اور صفا سے نیچے مروہ کی جانب اترنا شروع کردیں اور جب سبز ستونوں کے وسط میں پہنچیں تو آہستہ آہستہ دوڑیں، یہاں تک کہ اگلے سبز ستون آجائیں، پھر آہستہ آہستہ چلنے لگیں اور مروہ تک پہنچ جائیں۔ (صحیح مسلم)

**[97]** صفا و مروہ کی سعی کے دوران بھی طواف کی طرح صرف ایک دعاء ہی مرفوعاً ضعیف مگر

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے صحیح سند سے ثابت ہے، جو یہ ہے:

**((رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ،اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ))**

(مصنف ابن ابی شیبہ ،بیہقی،طبرانی اوسط)

''اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما،تو غالب اور صاحبِ کرم ہے۔''

صفا کی طرح ہی مروہ کے بھی اوپر چڑھ جائیں اور وہاں بھی صفا والا ذکر اور دعائیں کریں۔ (صحیح مسلم) صفا سے مروہ تک ایک اور مروہ سے صفا تک دو اور اسی طرح سات چکر مروہ پر مکمل ہونگے۔طواف اور سعی کے چکروں میں یہ فرق ہے۔(صحیح مسلم نیز دیکھیئے شرح نووی ۱۷۸/۸/۴ ،الفتح الربانی ۸۲/۲۱۔۸۳)

**[98]** صفا ومروہ کی موجودہ صورتِ حال میں حیض ونفاس والی عورت کا سعی کرنا مناسب نہیں لگتا، کیونکہ یہ ساری جگہ ہی حرم میں شامل لگتی ہے۔ بہرحال اصل مسئلہ یہ ہے کہ صفا ومروہ کی سعی کیلئے طہارت و وضوء شرط نہیں ہے۔( مسلم) گویا باوضوء افضل ہے،مگر بلا وضوء بھی جائز ہے۔

**[99]** طواف کی طرح ہی سعی بھی پیدل ہی افضل ہے،مگر بوقتِ ضرورت سواری کا استعمال بھی جائز ہے۔(بخاری ومسلم)

**[100]** سعی مکمل کر کے مروہ سے باہر نکل جائیں اور صرف عمرہ یا حج تمتّع کا عمرہ کرنے والے سر منڈوالیں یا سارے سر کے بال ہلکے کروالیں۔صرف چند جگہوں سے قینچی سے بال کاٹ لینا جائز نہیں ہے۔عورتیں چوٹی کے بال پکڑ کر انگلی کے پُورے کے برابر کاٹ لیں۔اسکے ساتھ ہی احرام کھول دیں،آپکا عمرہ مکمل ہوا۔

صحیح دینی معلومات کے لئے'' **توحید پبلیکیشنز** '' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[101]** اگر کوئی قربانی ساتھ لایا ہے اور حجِ قران کر رہا ہے تو وہ عمرہ مکمل کر لے، بال نہ کٹوائے، نہ احرام کھولے، بلکہ بدستور احرام میں ہی رہے۔ وہ یومِ نحر کو ہی قربانی کے بعد احرام کھولیں گے۔(بخاری ومسلم) البتہ اگر کوئی قربانی ساتھ نہ لایا ہو اور قِران کی نیّت کر لی ہو تو اسے عمرہ کر کے قربانی کی نیّت فسخ کر دینی اور تمتّع کی نیّت کر لینی چاہیئے اور بال کٹوا کر احرام کھول دینا چاہیئے، جیسا کہ نبی ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا تھا۔(بخاری ومسلم)

**[102]** اگر کسی عورت نے عمرہ کا احرام باندھا اور طواف سے پہلے ہی حیض آ گیا یا زچگی ہو گئی تو وہ پاک ہونے تک طواف وسعی نہ کرے۔ خون بند ہونے کے بعد غسل کر کے طواف وغیرہ کرے اور اگر ۸ ذوالحج تک بھی پاک نہ ہو تو منیٰ چلی جائے۔ اسطرح اسکا یہ ''حجِ قِران'' ہو جائے گا۔(التحقیق والایضاح ص ۳۴) ایسی عورت اور ہر قارن کیلیئے صرف ایک ہی طواف و سعی حج وعمرہ دونوں کیلیئے کافی ہے۔(بخاری ومسلم) اور اگر ایسی کوئی عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرح تنعیم سے عمرہ بھی کر لیتی ہے تو اسکے لئے مثال موجود ہے۔(بخاری ومسلم) یہ صرف ایسے ہی لوگوں کیلیئے ہے۔ اس سے ''چھوٹا عمرہ'' کی لائینیں لگا دینا ثابت نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی ایک سفر میں بکثرت عمرے سلفِ امت سے ثابت ہیں۔(زادالمعاد ۱۷۰/۲)

# مسائل واحکام اور طریقۂ حج

## احرامِ حج اور منیٰ کو روانگی:

**[103]** ۸ ذوالحج (یومِ ترویہ) کو اپنی رہائش گاہ سے غسل کر کے بدن کو خوشبو لگا کر (لَبَّیْکَ حَجًّا اور پھر تلبیہ کہتے ہوئے) حج کا احرام باندھیں اور منیٰ کو روانہ ہو جائیں۔(بخاری ومسلم)

اور نمازِ ظہر وعصر، مغرب وعشاء اور اگلے دن کی فجر وہیں پڑھیں ۔(صحیح مسلم) یہاں ظہر وعصر اور عشاء قصر کر کے پڑھنا سنت ہے، اور اس میں مقامی وآفاقی حُجّاج میں کوئی فرق نہیں ۔ ( التحقیق والایضاح ص ۲۷ ) اگر کثرتِ حُجّاج اور اژدہام کی وجہ سے کسی کو منیٰ میں جگہ نہیں ملتی اور وہ منیٰ کے آخری حصے کے ساتھ ہی مگر منیٰ سے باہر خیمہ لگا لیتا ہے تو اسکا حج صحیح ہے، کیونکہ عذر کی وجہ سے منیٰ میں نہ رہ سکنے کی، نبی ﷺ نے بکریاں چرانے والوں اور اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو پانی پلانے کی وجہ سے رخصت دے دی تھی ۔(فتویٰ شیخ العثیمین، مجلہ الدعوۃ الریاض شمارہ ۱۸۲۸، ۲۴/ ذوالقعدہ ۱۴۲۲ھ، ۷ فروری ۲۰۰۲ء)

## عرفات کو روانگی:

**[104]** ۹ ذوالحج (یومِ عرفہ) کو سورج نکلنے کے بعد میدانِ عرفات کی طرف روانہ ہوں (مسلم) ممکن ہو تو منیٰ سے پہلے وادیٔ نمرہ میں جائیں اور زوالِ آفتاب تک وہیں رہیں ۔(مسلم) اور زوال کے بعد ساتھ ہی اگلی وادیٔ عرنہ میں چلے جائیں، جہاں آجکل مسجدِ نمرہ بنائی گئی ہے۔ وہاں نمازِ ظہر وعصر کی دو دو رکعتیں (قصر) ایک آذان اور دو اقامتوں کے ساتھ ظہر کے وقت میں جمع تقدیم سے پڑھیں اور پھر عرفات چلے جائیں (صحیح مسلم) اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو سیدھے عرفات ہی چلے جائیں۔

**[105]** نبی ﷺ نے جبل رحمت کے دامن میں وقوف فرمایا۔ اسکے اوپر نہیں چڑھے (صحیح مسلم) اور فرمایا کہ "میں نے یہاں وقوف کیا ہے۔ البتہ سارا میدانِ عرفات ہی جائے وقوف ہے" (صحیح مسلم) حاجیوں کیلئے یومِ عرفہ کا روزہ جائز نہیں ۔(بخاری ومسلم) البتہ ۹ ذوالحج کا روزہ عام مسلمانوں کیلئے دو سال کے گناہوں کا کفّارہ ہے (صحیح مسلم) میدانِ عرفات

میں یہ دن ذکراور دعائیں کرنے میں گزاریں۔ دعاؤں کیلئے نبی ﷺ نے دونوں ہاتھ سینے تک اٹھائے تھے۔(نسائی،ابن خذیمہ،احمد، طبرانی) (بیھقی ، احمد،اخبار مکہ فاکھی)

[106] ''کوئی دن ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ یوم عرفہ سے زیادہ اپنے بندوں کو جہنم سے رہائی دے۔'' (صحیح مسلم) ''اس دن اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نازل ہوتا ہے اور فرشتوں کے سامنے اہلِ عرفات پر فخر کرتا ہے۔۔اور فرشتوں کو گواہ بنا کر کہتا ہے: میں نے ان سب کو بخش دیا۔''

(شرح السنہ بغوی،مسند ابویعلی،صحیح ابن خذیمہ،ابن حبان ،مسنداحمد)

[107] ایک دعاء کو یوم عرفہ کیلئے نبی ﷺ نے منتخب فرمایا ہے جو یہ ہے:

((لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَه' لَاشَرِيْکَ لَه'،لَه' الْمُلْکُ وَلَه' الْحَمْدُ،وَهُوَعَلٰى کُلِّ شَیْئٍ قَدِيْرٌ)) (ترمذی،مسنداحمد، مؤطا امام مالك،بیھقی،شرح السنہ،مصنف عبدالرزاق ،ابن ابی شیبہ)

''اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اسکا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہی اور ہر طرح کی حمد وثناء اسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔''

غرض یہ سارا دن قرآن وسنت سے ثابت شدہ مسنون اذکار ودعاؤں اور اللہ سے اپنی حاجتیں طلب کرنے میں گزارنا چاہیئے۔

## مزدلفہ کو روانگی:

[108] غروبِ آفتاب کے بعد میدانِ عرفات سے (مغرب کی نماز پڑھے بغیر) تلبیہ وتکبیرات کہتے ہوئے مزدلفہ کی طرف روانہ ہو جائیں، اور مزدلفہ میں مغرب وعشاء جمع تاخیر اور

صحیح دینی معلومات کے لئے''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

قصر سے پڑھیں، ایک آذان اور دونوں کیلئے الگ الگ اقامت کہیں (صحیح مسلم) اور دونوں نمازوں کی پانچ فرض رکعتوں کے سوا نبی ﷺ کا وہاں کچھ بھی پڑھنا ثابت نہیں۔(صحیح بخاری) علامہ ابن قیّم کی تحقیق کے مطابق اس دن نبی ﷺ نے نمازِ تہجّد بھی نہیں پڑھی۔(حجة النبی ﷺ للالبانی ص٧٦) صبح نمازِ فجر کے بعد مشعر الحرام کے پاس یا مزدلفہ میں کہیں بھی ذکر ودعاء میں مشغول رہیں اور روشنی خوب پھیل جانے پر مگر طلوعِ آفتاب سے تھوڑا پہلے منیٰ کو روانہ ہوجائیں۔(صحیح مسلم) روانگی سے قبل اور فجر کے بعد جمرۂ عقبہ پر رمی کیلئے سات یا کم وبیش کنکریاں چُن سکتے ہیں۔(صحیح مسلم) اور اگلے دنوں میں روزانہ اکیس کنکریاں منیٰ سے لیکر رمی کر لینا بھی جائز ہے۔(التحقیق والایضاح ص٤٢)

[109] صرف خواتین اور ضعیف وبوڑھے لوگوں کو اجازت ہے کہ وہ آدھی رات کے بعد مزدلفہ سے منیٰ جاسکتے ہیں۔(بخاری ومسلم) مگر جمرۂ عقبہ کی رمی طلوعِ آفتاب کے بعد ہی کرنا ہوگی۔(ابوداؤد، نسائی، ابن ماجه، بیهقی، طیالسی، مسنداحمد)

[110] مزدلفہ ومنیٰ کے مابین وادئ محسّر بھی آتی ہے، جوکہ منیٰ کا ہی حصّہ ہے، جہاں ابرہہ اور اسکے لشکر کو اللہ نے ابابیلوں (پرندوں کے لشکر) سے تباہ کروایا تھا. وہاں سے گزرتے وقت تیز تیز نکل جانے کا حکم ہے۔(مسلم) تعجب ہے کہ بعض لوگ وہاں سوئے ہوئے دیکھے گئے ہیں۔

## یومِ نحر وقربانی اور احرام اتارنا:

[111] ١٠ ذوالحج (یومِ نحر) کو سب سے پہلے جمرۂ عُقبہ (بڑے جمرہ) پر رَمی کریں، جو موٹے چنے سے ذرا بڑی سات کنکریوں سے ہوگی۔ کنکریاں ایک ایک کر کے ماریں اور ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہیں۔(صحیح مسلم) جمرات پر بڑے بڑے کنکر و پتھر اور جوتے مارنا روا

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

نہیں ہے۔اس جمرہ کے پاس کھڑے ہوکر دعاء کرنا ثابت نہیں۔(مؤطا امام مالك) اس جمرہ عُقبہ پر رَمی کرنے کے ساتھ ہی تلبیہ کہنا بند کردیں۔(بخاری ومسلم)

**[112]** منیٰ میں موجود حُجّاج کو نمازِ عید پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ انکی رمی ہی عید کے قائم مقام ہوتی ہے۔(فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۶/۱۷۰-۱۷۱)

**[113]** رمیٔ جمرہ کے بعد قربانی کریں۔(مسلم) یہ حجِ تمتّع (البقرہ:۱۹۶) اور حجِ قِران والوں کیلئے واجب ہے۔اور حجِ مفرد والوں پر قربانی واجب تو نہیں لیکن کرلیں تو کارِثواب ہے۔(بخاری ومسلم) اُونٹ اور گائے میں سات سات حاجی شریک ہوسکتے ہیں(مسلم) البتہ عام مسلمان جب منیٰ کے علاوہ عیدالاضحیٰ پر قربانی کریں تو اُونٹ میں دس گھر شرکت کرسکتے ہیں۔(ترمذی،نسائی،ابن ماجہ،ابن خذیمہ،ابن حبان،معجم طبرانی کبیر،بیهقی، حاکم)

**[114]** قربانی کا مسنون وقت جمرۂ عقبہ کی رمی کے بعد شروع ہوتا ہے اور چار دنوں یوم نحر و ایامِ تشریق (۱۰،۱۱،۱۲،۱۳) تک رہتا ہے۔(ابن حبان،دارقطنی،بیهقی،احمد،مسند بزار)

**[115]** قربانی کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ جانور کو قبلہ رو کرکے (بائیں پہلو پر) لٹائیں اور اسکے دائیں پہلو پر اپنا پاؤں رکھیں۔(بخاری ومسلم) اور چُھری چلادیں۔

**[116]** اُونٹ کو نحر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسکا اگلا بایاں پاؤں اسکے گھٹنے سے باندھ کر اسے تین ٹانگوں پر کھڑا رہنے دیں۔(بخاری ومسلم) اور اسے قبلہ رو کرلیں۔(بخاری تعلیقاً،مؤطا امام مالك وسنن کبریٰ بیهقی موصولاً) اور اسکی گردن کو پیچھے کی طرف موڑ کر اسکی رَسی اسکی دُم سے باندھ دیں اور ذبح و نحر کی دعائیں کرتے ہوئے اسکی ٹانگوں کی جڑوں اور گردن کے آغاز میں موجود گڑھے میں خنجر یا برچھا ماردیں۔وہ جلد ہی گر جائے گا۔قرآنِ کریم میں انکے اسی طرح

زمین پر لگ جانے کا ذکر ہے۔(الحج:٣٦) مستحب تو یہی طریقۂ نحر ہے۔البتہ اسے بیٹھے بیٹھے ذبح کرنا بھی جائز ہے۔(نزهة الطالبين و عمدة المفتين للنووى ٣٠٧/٣)

**[117]** قربان کو نحر یا ذبح کرتے وقت یہ اذکار و دعائیں پڑھیں:

**((بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ))** (صحيح مسلم)

”اللہ کے نام سے، اور اللہ سب سے بڑا ہے۔“

**((اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا مِنْكَ وَلَكَ))** (صحيح مسلم)

”اے اللہ! یہ تیری توفیق سے ملا اور تیری رضاء کیلئے دیا ہے۔“

**((اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ))** (صحيح مسلم)

”اے اللہ! اسے میری طرف سے قبول فرما۔“

**[118]** قربانی کا گوشت خود بھی کھانا چاہیئے۔(الحج:٣٦) یہ نبی ﷺ کی سنّت ہے۔(مسلم)

**[119]** اگر قربانی دینے کی طاقت نہ ہو تو تین روزہ ایامِ حج [ایامِ تشریق میں (صحيح بخاری) یا اسکے بعد مکّہ] میں اور سات واپس اپنے گھر جا کر رکھ لیں۔(سورةالبقرہ:١٩٦)

**[120]** قربانی کے بعد سر منڈوالیں یا بال چھوٹے کروالیں (الفتح:٢٧) البتہ سر منڈوانا افضل ہے۔(بخاری ومسلم) عورتوں کیلئے سر منڈوانا روا نہیں ہے۔(ابوداؤد، دارمی، دارقطنی، بیهقی، طبرانی) وہ اپنی چوٹی کے بالوں کو اکٹھا کر کے آخر سے تمام بالوں کو انگلی کے پَورے کے برابر کاٹ لیں۔(المغنی ٣٩٥/٣) ناخن بھی کاٹ لیں تو بہتر ہے۔(زادالمعاد ٢٧٠/٢)

**[121]** بال کٹوانے کے بعد احرام کھول دیں اور خوشبو وغیرہ لگائیں۔(بخاری ومسلم)
یہ ”تحلّلِ اول“ ہے۔اب میاں بیوی کے تعلقات کے سوا تمام پابندیاں ختم ہوگئیں۔

صحیح دینی معلومات کے لئے ”**توحید پبلیکیشنز**“ کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

**[122]** جولوگ قربانی کیلئے کوپن لئے ہوئے ہوں، وہ جمرۂ عقبہ کی رمی کے بعد بال کٹوائیں اوراحرام کھول لیں۔

**[123]** ۱۰/ذوالحج کوہی سب سے اہم کام اورحج کا رکنِ اعظم ''طوافِ افاضہ'' (طوافِ حج یا طوافِ زیارت) کرلیں تو یہی مسنون ہے۔(بخاری ومسلم) اگر بیماری ونقاہت یا حیض وغیرہ کے عذر کی وجہ سے ۱۰ ذوالحج کوممکن نہ ہوتو ایامِ تشریق (۱۱،۱۲،۱۳) میں کرلیں۔ ورنہ جب مجبوری زائل ہوتب ہی سہی اوراس تاخیر پرکوئی فدیہ وکفّارہ بھی نہیں ہے۔(المغنی ۳۹۶/۳، بلوغ الامانی ترتیب و شرح مسند احمدالشیبانی ۲۰۴/۱۲۔۲۰۵)

**[124]** اس طواف میں احرام، رمل اوراضطباع نہیں ہے۔(ابوداؤد، ابن ماجه، ابن خذیمه، مستدرك حاكم) حج تمتع کرنے والوں کیلئے اس طواف کے بعد صفاومروہ کے مابین سعی بھی ضروری ہے اور قِران ومفرد والوں کیلئے طوافِ قدوم یا طوافِ عمرہ کے ساتھ کی گئی سعی ہی کافی ہے(ترمذی، ابن ماجه، ابن خذیمه، ابن حبان، بیهقی) طواف سے فارغ ہوکر مقامِ ابراہیم پر دورکعتیں پڑھیں۔(صحیح بخاری تعلیقاً، مصنف عبدالرزاق وابن ابی شیبه موصولاً) اس طواف وسعی کے بعد حاجی کو ''تحلّلِ ثانی'' یا تحلّلِ کلّی'' حاصل ہوجاتا ہے اورمیاں بیوی کے تعلقات سمیت تمام پابندیاں ختم ہوجاتی ہیں۔(بخاری ومسلم)

## ایامِ تشریق اورقیامِ منیٰ:

**[125]** طوافِ افاضہ کے بعد واپس منیٰ لوٹ جائیں اورایامِ تشریق کی راتیں وہیں گزاریں (ابوداؤد، ابن خذیمه، ابن حبان، دارقطنی، بیهقی، احمد، حاکم) ان ایام کے دوران مکّہ جانا اورزیارت وطوافِ کعبہ کرنا نبی ﷺ سے ثابت ہے۔( بخاری تعلیقاً، معجم طبرانی کبیر، بیهقی موصولاً)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[126]ان دِنوں تمام نمازیں انکے اوقات پر مگر قصر اور باجماعت ادا کریں۔(بخاری ومسلم)

[127]۱۱۔۱۲اور۱۳ذوالحج کو زوالِ آفتاب کے بعد تینوں جمرات کو سات سات کنکریوں سے رمی کرنا مسنون ہے۔(ترمذی،ابن ماجه)صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل بھی یہی تھا۔(بخاری) پہلے چھوٹے پر رمی کریں اور فارغ ہو کر ایک طرف ہوجائیں اور قبلہ رو ہو کر دعاء مانگیں، ایسے ہی درمیانے پر کریں، البتہ بڑے کے پاس دعاء ثابت نہیں۔(بخاری ومسلم)

[128]اگر کوئی صرف ۱۱۔۱۲ کی رمی کرنے پر ہی اکتفاء کرتا ہے، تو اسکے لئے یہ جائز ہے۔ (البقرہ:۲۰۳)۱۲ذوالحج کی رمی کر کے مغرب سے پہلے پہلے اپنی جگہ سے روانہ ہوجائیں اور اگر وہیں مغرب ہوگئی تو پھر اگلے دن ۱۳ذوالحج کی رمی کرنا ضروری ہوجائے گا۔(مؤطا)احناف اور جمہور علماء کا یہی مسلک ہے(مؤطا امام محمد ص۲۳۳،المجموع ۲۸۳/۸ المغنی ۴۰۷/۳)

[129]بچوں، بوڑھوں، بیماروں اور عورتوں کیلئے اگر خود جا کر رمی کرنے کی گنجائش نہ ہو تو وہ وکیل مقرر کر سکتے ہیں اس سلسلہ میں بعض ضعیف احادیث بھی ترمذی، ابن ماجہ، مسند احمد، ابن ابی شیبہ، اور معجم طبرانی اوسط میں ہیں۔(فقه السنه ۷۳۵/۱،المغنی۲۸۶/۳،التحقیق ص۵۰، النیل ایضاً) وکیل پہلے خود اپنی سات کنکریاں ایک ایک کر کے مارے، پھر مؤکّلین کی بھی اسی طرح مارے، مٹھی بھر کر کنکریاں پھینک دیں تو یہ رمی شمار نہیں ہوگی۔(المغنی۲۸۶/۳)

[130]ایامِ تشریق کی راتیں منیٰ میں گزارنا واجب ہے۔(ابوداؤد،ابن خذیمه،ابن حبان، دارقطنی،بیهقی،مسنداحمد،مستدرك حاکم نیز دیکھئے نیل الاوطار شوکانی ۸۰/۵/۳) البتہ بکریاں اور اُونٹ چرانے والوں(اصحابِ سنن،ابن حبان،ابن خذیمه،دارمی،احمد، حاکم،مؤطا مالك) اور حُجّاج کو پانی پلانے کی ذمہ داری نبھانے والوں (حضرت عباس رضی اللہ عنہ)

صحیح دینی معلومات کے لئے''توحید پبلیکیشنز''کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

کو نبی ﷺ نے یہ راتیں منیٰ میں نہ گزارنے کی رخصت دے دی تھی۔(بخاری ومسلم)

[131] اگر کسی نے اس واجب کو بلا عذرِ شرعی ترک کر دیا تو اسے بعض آئمہ (مالک، شافعی، اور ایک روایت میں امام احمد) کے نزدیک دم دینا پڑے گا، جبکہ امام احمد کی مشہور روایت اور احناف کے نزدیک ترکِ قیامِ منیٰ پر فدیہ نہیں ہے۔(نیل الاوطار ۸۰/۵/۳) لیکن انہیں رمی کرنا ہوگی، ایسے لوگ ایک دن بکریاں چرائیں اور ایک دن میں دونوں کی اکٹھی کنکریاں ماریں

(اصحابِ سنن، ابن حبان، ابن خذیمہ، مسنداحمد، مستدرك حاكم، دارمی، مؤطا مالك)

## بچوں کا حج وعمرہ:

[132] بچوں کا حج صحیح ہے اور اسکا ثواب بچوں کے علاوہ انھیں حج کروانے والوں (والدین) کو بھی ہوتا ہے۔(مسلم) عہدنبوی ﷺ اور دورخلفاء رضی اللہ عنہم میں سات سال اور کم وبیش عمر کے نابالغ بچوں کو حج کروانے کے کئی واقعات کتبِ حدیث میں موجود ہیں۔(مسلم) انکا یہ حج نفلی شمار ہوگا اور بالغ ہونے پر اگر اللہ نے توفیق دے کر حج فرض کر دیا تو وہ فرض ادا کرنا ہوگا۔(المحلّی ابن حزم ۲۷۶/۷، نیل الاوطار ۲۹۴/۴/۲)

[133] میقات پر احرام سے لیکر تمام مناسک انھیں اپنے ساتھ ساتھ پورے کروائیں، سوائے رمی کے، یہ آپ خود انکی طرف سے کر دیں، ناسمجھ بچوں سے احرام کے آداب پورے کروائیں، انھیں خوشبو نہ لگائیں، انکے بال یا ناخن نہ کاٹیں اور اگر وہ کسی معاملہ میں کوئی کمی بیشی کر دیتے ہیں تو ان پر کوئی دم یا گناہ نہیں ہے۔(المحلّی ۲۷۶/۷-۲۷۷، المرعاة ۲۰۰/۶-۲۰۳)

سمجھدار بچے کو احرام باندھیں اور ناسمجھ بچے کو معمول کے لباس (خواتین کی طرح) میں رکھ کر اسے احرام کے حکم میں داخل کر دیا جائے، لیکن افضل واحوط احرام باندھنا ہی ہے۔(المرعاة

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

۲۰۱/۶، فتح الباری ۴/۱۷۔۴۳، شرح نووی، بدایۃ المجتہد ابن رشد ۲۵۳/۱، سبل السلام ۱/۲/۱۸۱، المغنی، التحقیق ابن باز ص ۲۳، تحفۃ الاحوذی ۳/۲/۴۷۔۲۷۴، الفتح الربانی ۱۱/۳۰۔۳۱)

**[134]** تمتّع اور قِران کرنے والے بچوں کی طرف سے بھی قربانی واجب ہے۔(الشرح الصغیر للدردیر ۸/۲۔حاشیہ الدسوقی، المرعاۃ ۲۰۲/۶)

## طوافِ وداع:

**[135]** مکّہ مکرمہ سے اپنے شہر یا ملک جانے سے پہلے طوافِ وداع کرنا واجب ہے۔البتہ حیض والی عورت یہ طواف کیئے بغیر مکّہ سے روانہ ہوسکتی ہے۔(بخاری ومسلم) طوافِ وداع میں نہ رمل ہے نہ احرام ہے، نہ اضطباع اور نہ ہی اسکے ساتھ سعی ہے۔طواف کریں، دو رکعتیں پڑھیں اور روانہ ہوجائیں۔حرم شریف سے الٹے پاؤں باہر نکلنا سراسر خانہ ساز فعل ہے۔

(مناسك الحج والعمره للالبانی ص ۴۳)

## احکام وآدابِ زیارتِ مدینہ منورہ: ۱

**[136]** مسجد نبوی میں نماز کی نیّت سے مدینہ منورہ کا سفر کیا جائے تاکہ نبی ﷺ کے اس حکم کی خلاف ورزی نہ ہو جسمیں آپ ﷺ نے مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی اور مسجدِ اقصیٰ کے سوا کسی طرف بغرض ثواب رختِ سفر باندھنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری ومسلم) مدینہ منورہ پہنچ کر مسجدِ نبوی میں جائیں، جہاں ایک نماز کا ثواب ایک ہزار نماز کے برابر ہے۔(بخاری ومسلم) پچاس ہزار نماز والی حدیث(ابن ماجہ) ضعیف وناقابلِ حجّت ہے۔

۱ اس موضوع پر علاّمہ عبدالعزیز بن بازؒ کا ایک رسالہ بڑا ہی مفصل ومفید ہے۔ہم نے اسکا اردو ترجمہ کرکے مکتبہ کتاب وسنت اور توحید پبلیکیشنز کی طرف سے چھپوادیا ہے۔وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَ مِنْهُ الْقَبُوْلُ

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

[137] مسجدِ نبوی میں داخل ہوتے ہی دعاءِ دخول اور پھر تحیۃ المسجد پڑھیں اور اگر ممکن ہو تو روضۃ الجنّۃ میں پڑھیں جو قبر شریف کے ساتھ ہی سفید ستونوں والی جگہ ہے اور جسے نبی ﷺ نے ''جنّت کا باغیچہ'' قرار دیا ہے۔(بخاری ومسلم) اگر کسی فرض نماز کا وقت ہے تو پہلے باجماعت نماز ادا کرلیں۔

[138] فرض نماز یا تحیۃ المسجد کی دو رکعتوں کے بعد نبی ﷺ کی قبرِ مقدس کے پاس جائیں اور یوں سلام کریں:

**((اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ))** ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ پر سلام ہو۔''

پھر ساتھ ہی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قبر پر انھیں یوں سلام کریں:

**((اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَابَکْرٍ))** ''اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! آپ پر سلام ہو۔''

اور پھر حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کی قبر پر انھیں یوں سلام کہیں:

**((اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عُمَرُ))** ''اے عمر رضی اللہ عنہ! آپ پر سلام ہو۔''

(مؤطا مالك، عبدالرزاق وابن ابی شیبه، بیهقی، فضل الصلوٰة علی النبی ﷺ لاسماعیل القاضی)

[139] نبی ﷺ کی آخری آرامگاہ کے در و دیوار یا جالیوں اور پوری مسجدِ نبوی کے کسی بھی حِصّہ کو تبرّک کی نیّت سے چُھونا، پھر ہاتھوں کو چہرے اور سینے پر پھیرنا اور چومنا ثابت نہیں ہے۔ امام غزالی، ابن تیمیہ، امام نووی، ابن قدامہ، ملّا علی قاری، شیخ عبدالحق دہلوی (دیوبندی) اور مولانا احمد رضا خان (بریلوی) نے بھی ان امور کو منع قرار دیا ہے (احیاء علوم الدین غزالی ۱/۲۴۴، المغنی ۳/۵۰۰، فتاویٰ ابن تیمیه ۲۶/۹۷، انوار البشارات فی مسائل الحج والزیارات فاضل بریلوی ص ۲۹، احکام شریعت فاضل بریلوی حصه سوم، معراج الدرایه ص ۱۲۴، جذب القلوب الی دار المحبوب شیخ عبدالحق دهلوی ص ۱۷۱۔۱۷۲)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

[140] قبرِ شریف کے پاس شور پیدا کرنا یا طویل عرصہ تک رک کر شور کا باعث بننا بھی درست نہیں، کیونکہ یہ ادب گاہِ عالَم ہے اور یہاں آوازوں کو پست رکھنا ضروری ہے۔(الحجرات:۲) صلوٰۃ وسلام سے فارغ ہوجائیں تو قبلہ رو ہوکر دعائیں مانگیں، نہ کہ قبرِ شریف کی طرف منہ کرکے۔( التحقیق والایضاح ص ٦٧)

[141] حرمِ مکی کی طرح ہی مسجدِ نبوی سے بھی الٹے پاؤں نکلنا ایک خودساختہ فعل ہے، جسکی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔( مناسك الحج والعمره ص۴۳)

[142] قیامِ مدینہ منورہ کے دوران کسی بھی وقت اقامت گاہ سے وضوء کرکے جائیں اور مسجدِ قبا میں دو رکعتیں پڑھ لیں۔ اسکا پورے عمرہ کے برابر ثواب ہے۔(ترمذی، مسنداحمد، نسائی، ابن ماجه، ابن حبان، حاكم، ابن ابی شیبه، بیهقی، مسند ابو یعلی، تاریخ كبیر امام بخاری)

مسجدِ قبا کی زیارت سنتِ رسول ﷺ ہے۔(صحيح مسلم)

[143] بقیع الغرقد یا جنت البقیع کی زیارت کرسکتے ہیں اور وہاں عام قبرستان کی زیارت والی دعاء کریں اور ان الفاظ کا اضافہ کردیں:

((اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَ هْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ))

''اے اللہ! اس بقیعِ غرقد کے آسودگانِ خاک کی مغفرت فرمادے۔''

[144] شہداءِ اُحد کی زیارت بھی جائز ہے اور وہاں بھی عام زیارتِ قبور والی دعاء کریں۔

[145] مدینہ منورہ میں جتنا بھی قیام ممکن ہوجائز ہے۔ چالیس نمازیں پوری کرنے کیلئے ہفتہ بھر رکنا کوئی شرط نہیں، کیونکہ اس موضوع کی بیان کی جانے والی مسند احمد وطبرانی اوسط والی روایت ضعیف وناقابلِ استدلال ہے۔( سلسة الاحاديث الضعيفه للالبانی ١/٣٦٦)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[146] دورانِ حج اگر کوئی شخص مقصد بنائے بغیر ضمنی طور پر کوئی تجارت یا مزدوری کرنا چاہے تو یہ جائز ہے۔(البقرہ:۱۹۸،الحج:۲۸،تفسیر ابن کثیر ۲۸۵/۱،بخاری شریف حدیث:۱۷۷) البتہ اس میں غیر قانونی اشیاء غیر قانونی طریقوں سے لانا،ان کا کاروبار کرنا اور کسٹم میں دھوکا دہی کرنا جوکہ عام حالات میں بھی روا نہیں،وہ حج وحُجّاج کے لئے بھی جائز نہیں،ان سے بچیں۔ (جدید فقهی مسائل، مولانا خالد سیف الله رحمانی ص ۱۳۰۔۱۳۱)

[147] مکّہ مکرمہ کا اصل تحفہ آبِ زمزم اور مدینہ منورہ کا مبارک ہدیہ عجوہ کھجور ہے، کیونکہ آبِ زمزم ہر غرض ومرض کیلئے مفید ہے۔( مسنداحمد،معجم طبرانی اوسط،ابن ابی شیبه،بیهقی) یہ کھانے کا کھانا(صحیح مسلم) اور بیماری کی دواء ہے(مسنداحمد،طیالسی،بیهقی،معجم طبرانی صغیر وکبیر) لیکن اس میں کفن یا نقدی کو بھگونا خانہ ساز فعل ہے( السنن والمبتدعات ص ۱۱۳ وحجة النبی ص ۱۱۹) اور عجوہ کھجور کے سات دانے صبح کھالیں تو اس دن زہر اور سحر (جادو) اثر نہیں کرتا۔(بخاری ومسلم) یہ شفاء اور زہر کا تریاق ہے(صحیح مسلم) یہ جنّت کا پھل ہے۔(ترمذی،نسائی،ابن ماجه،دارمی،مسند احمد وابویعلی)

[148] سفر چاہے کتنا ہی آرام دہ کیوں نہ ہو، یہ عذاب کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے، لہٰذا کوئی شخص جب اپنا کام مکمل کرلے تو جلد اپنے اہل وعیال میں لوٹ جائے(بخاری ومسلم) حاجی کا حج سے فارغ ہوکر اپنے اہل وعیال میں جلد لوٹ جانا ہی زیادہ اجر کا باعث ہے۔(دارقطنی،بیهقی، حاکم)

[149] جب واپسی کا سفر اختیار کریں تو سواری پر بیٹھنے، راستے میں قیام کرنے،شہروں کو دیکھنے اونچائی پر چڑھنے اور زیریں جانب اترنے وغیرہ کی دعائیں کرتے آئیں اور جب اپنا شہر نظر آجائے تو یہ دعاء کریں:

((آئِبُونَ تَا ئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ)) (بخاری ومسلم)

''ہم تو تائب ہوکر، سجدہ وعبادت گزاری کا عہد کرکے لوٹ آئے ہیں، اور اپنے رب کی تعریفیں کرتے ہیں۔''

[150] اپنے گھر میں داخل ہونے سے پہلے ممکن ہوتو مسجد میں جا کر دورکعت نماز پڑھ لیں۔(بخاری ومسلم)اور پھر یہ دعاء کرتے ہوئے اپنے گھر میں داخل ہوجائیں:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ،بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَعَلٰی رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا﴾ (ابوداؤد)

''اے اللہ! میں تجھ سے داخل ہونے، اور نکلنے کی جگہوں کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، تیرا نام لیکر ہم یہاں سے نکلے تھے اور اے ہمارے رب! تجھی پر ہمارا بھروسہ ہے۔

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

# مختصر مسائل واحکامِ قربانی وعیدین ؎۲

## عشرۂ ذوالحج کی فضیلت:

[151] سال کے بارہ ماہ میں سے حرمت والے مہینے چار ہیں۔(التوبہ:۳۶) جو کہ ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب ہیں۔(بخاری ومسلم)

اس ماہ کے عشرۂ اول، یومِ عرفہ اور یومِ نحر کی اللہ نے قسمیں کھائی ہیں۔( سورۃ الفجر:۱،۲،۳، تفسیر ابن کثیر ۳۸۶/۴،سنن کبری،نسائی،مسند احمد،مستدرك حاکم)

ان دس دنوں میں کیا گیا عمل، ہر دوسرے عمل سے اللہ کو زیادہ محبوب ہے حتی کہ جہاد سے بھی، الّا یہ کہ کوئی شرفِ شہادت سے سرفراز ہوجائے تو اسکا کوئی مقابلہ ہی نہیں۔(صحیح بخاری)

[152] صرف ایک یومِ عرفہ (۹/ذوالحجہ) کا روزہ دو سالوں کے گناہوں کا کفّارہ بن جاتا ہے۔( مسلم) لیکن یہ روزہ ان لوگوں کیلئے جائز نہیں جو میدانِ عرفات میں حج کیلئے موجود ہوں (بخاری ومسلم) اور عیدین (الفطر والاضحیٰ) کے روزے بھی جائز نہیں۔(بخاری ومسلم)

امام ابن تیمیہ لکھتے ہیں کہ عشرۂ ذوالحج کے دن، ماہِ رمضان کے عشرۂ اخیر کے دنوں سے افضل ہیں۔ انکے شاگردِ رشید علاّمہ ابن قیم نے اسکی تفصیلی وضاحت اور یومِ ترویہ، یومِ عرفہ، یومِ نحر یا یومِ حجِ اکبر کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ رمضان کے آخری عشرہ کی راتیں اس عشرۂ ذوالحج کی راتوں سے افضل ہیں کیونکہ ان میں لیلۃ القدر واعتکاف ہے۔(فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۸۷/۲۵۔۲۸۹)

---

؎۲ اس موضوع پر ہماری ایک مفصّل کتاب بھی ہے جو کہ مکتبہ کتاب وسنت ،ریحان چیمہ ،سیالکوٹ (پاکستان) کی طرف سے شائع ہوچکی ہے۔ تَقَبَّلَہُ اللّٰہُ

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

[153] ۱۰ ذوالحج کو ''یومِ نحر'' کے علاوہ ''یومِ حجِ اکبر'' بھی کہا گیا۔(التوبہ:۳،بخاری مع الفتح ۸/۳۱۷۔۳۲۰،مجموعہ فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۵/۲۸۸۔۲۸۹)

صرف جمعہ کے دن'یومِ عرفہ آنے والے حج کو ''حجِ اکبر'' یا ''اکبری حج'' کہنا اور اسے ستّر حجوں کے برابر ثواب والی بات خودساختہ وبلادلیل ہے۔

## قربانیاں:

[154] فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ (الکوثر:۲) کے کئی معنے بیان کرکے امام ابن کثیر نے ترجیح اسی معنیٰ کو دی ہے کہ اس سے مراد قربانی کا ذبح کرنا ہے۔(تفسیر ابن کثیر ۵/۱۱۷)

اور یہ سنّتِ رسول ﷺ اور سنّتِ ابراہیم علیہ السلام ہے، جو اسماعیل علیہ السلام کی قربانی وَفَدَیْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ (الصّفات:۱۰۷) کی یاد تازہ کرتی ہے۔ نبی ﷺ ہر سال قربانی دیا کرتے تھے حتیٰ کہ آپ ﷺ نے سفر کے دوران بھی قربانی دی۔(ترمذی،نسائی،ابن ماجہ،ابن خذیمہ، ابن حبان،بیہقی،مستدرک حاکم،معجم طبرانی کبیر)

[155] جو شخص طاقت کے باوجود قربانی نہ کرے نبی ﷺ نے اسے عیدگاہ سے دور رہنے کا حکم دیا ہے۔(ابن ماجہ،مسند احمد،دارقطنی،بیہقی،مستدرک حاکم)

[156] حاجیوں میں سے ہر چھوٹے بڑے اور مرد و زن پر ایک قربانی ہے،البتہ غیر حاجی ایک گھر والے سبھی افراد ایک قربانی میں شریک ہوتے ہیں۔(ابوداؤد،ترمذی،نسائی،ابن ماجہ، بیہقی،مسند احمد،مؤطا مالک اور معجم طبرانی کبیر) انکی تعداد چاہے ایک سَو یا ایک سَو سے بھی زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔(نیل الاوطار ۳/۵/۱۲۱)

[157] حج کے موقع پر اُونٹ اور گائے دونوں ہی سات حاجیوں کی طرف سے ہوتے ہیں۔

(صحیح مسلم) البتہ غیر حاجیوں کیلئے گائے سات گھروں کی طرف سے اور اُونٹ دس گھروں کی طرف سے کفایت کر جاتا ہے۔(ترمذی، نسائی، ابن ماجه، ابن خذیمه، ابن حبان، بیهقی، مستدرك حاکم، معجم طبرانی کبیر) ایک گھر سے مراد صرف وہ لوگ ہیں، جنکی آمد وخرچ کا سارا حساب کتاب ایک ہی شخص کے ہاتھ میں ہو۔

**[158]** قربانی چار دن جائز ہے، یومِ نحر (۱۰ ذوالحج) اور ایامِ تشریق (۱۱، ۱۲، ۱۳ ذوالحج) (صحیح ابن حبان، دارقطنی، بیهقی، مسند احمد، مسند بزّار) اسی بات کی تائید قرآن کریم سے بھی ہوتی ہے۔(الحج: ۲۸، تفسیر قرطبی ۳/۳۰۲)

## قربانی کرنے والے کیلئے ہدایاتِ نبویہ ﷺ:

**[159]** جو قربانی کرنا چاہے، وہ ذوالحج کا چاند دیکھنے کے بعد اپنے ناخن اور بال نہ کاٹے۔(صحیح مسلم) جسمیں قربانی دینے کی طاقت نہ ہو اور وہ بھی قربانی دینے والوں کی طرح اپنے ناخن، بال انہی کے ساتھ کاٹے تو بعض متکلّم فیہ روایات کی رو سے اسے بھی قربانی کا ثواب ہوگا۔(ابوداؤد، نسائی، ابن حبان، دارقطنی، بیهقی، امام حاکم وذہبی نے اسے صحیح کہا ہے۔ البتہ شیخ البانی نے اس پر کلام کیا ہے۔ تحقیق المشکوٰة ۱/۴۶۶)

**[160]** قربانی کا جانور اپنے ہاتھ سے نحر یا ذبح کرنا سنّت ہے۔(صحیح بخاری ومسلم) حتی کہ عورتیں بھی اپنی قربانی کا جانور خود ذبح کریں جیسا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اپنی بیٹیوں کو اسکا حکم فرمایا کرتے تھے۔(بخاری و بیهقی تعلیقاً و عبدالرزاق و حاکم موصولاً) اور فقہی آراء سے قطع نظر عورت کا ذبیحہ حدیثِ رسول ﷺ کی رو سے حلال ہے۔(بخاری) امام ابن ماجہ نے اس پر " ذبيحة المرأة" "عورت کا ذبیحہ" کا عنوان قائم کیا ہے۔(ابن ماجه)

صحیح دینی معلومات کے لئے "توحید پبلیکیشنز" کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[161]** گوشت کاٹنے اور بنانے والے کو اجرت کے طور پر قربانی کی کھالیں یا قربانی کا گوشت نہیں دینا چاہیئے ۔(صحیح بخاری ومسلم) اور نہ ہی چمڑا یا گوشت بیچنا چاہیئے ،البتہ چمڑا گھر میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔(مسند احمد)

**[162]** قربانی کا وقت نمازِ عید پڑھ لینے کے بعد شروع ہوتا ہے۔اگر کسی نے نماز سے پہلے ہی جانور ذبح کر لیا تو اسکا گوشت تو حلال ہے مگر قربانی کا ثواب نہیں ہوگا۔اسے چاہیئے کہ اسکی جگہ دوسرا جانور ذبح کرے۔(بخاری ومسلم)

## ذبح ونحر کا مسنون طریقہ:

**[163]** پہلے چھُری کو خوب تیز کر لیا جائے تا کہ جانور کو زیادہ تکلیف نہ ہو۔(صحیح مسلم) اور چھُری جانور کی آنکھوں کے سامنے تیز نہ کی جائے بلکہ اس سے کہیں چھپا کر تیز کریں تا کہ اپنی آنکھوں کے سامنے چھُری تیز ہوتے دیکھ کر وہ اذیت نہ پائے۔(مستدرك حاكم،معجم طبرانی كبير واوسط،بيهقي،مصنف عبدالرزاق)

**[164]** اُونٹ کو نحر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے تین ٹانگوں پر قبلہ رو(بخاری تعليقاً ومالك وبيهقي موصولاً) کھڑا کیا جائے(الحج:۳۶ وبخاری عن ابن عباس: قياماً) اگلی بائیں ٹانگ اور ران کو باہم باندھ دیا جائے اور'' بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ '' پڑھ کر اسکے سینے اور گردن کی جڑ کے درمیان والی ،گڑھا نما جگہ میں نیزہ یا بَرچھا مارا جائے ،جس سے اس کی رگِ جان کٹ جائے۔(بخاری ومسلم) اور وہ زمین پر لگ جائے۔(الحج:۳۶)

اُونٹ میں مستحب تو نحر ہی ہے،لیکن اگر کوئی اسے ذبح کرتا ہے تو بھی جائز ہے۔(روضة الطالبين وعمدة المفتين امام نووی ۳/۳۰۷،المرعاۃ ۷/۲۸)

**[165]** گائے (بھینس اور بھیڑ بکریوں) کو ذبح کیا جائے گا۔(البقرہ:٦٧) لیکن اگر کوئی گائے بھینس کو نحر کرتا ہے تو بھی حرج نہیں (المرعاۃ ۲۸/۷)

**[166]** ہر جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رو کرلیں، اسے دائیں پہلو پر لٹا لینا چاہیئے۔(بخاری تعلیقاً موقوفاً،مؤطا مالك و بيهقي موصولاً موقوفاً،ابوداؤد،ابن ماجه، دارمی، ابن خذیمه، مسند احمد،بیهقی، مرفوعاً) اور اسکے اوپر والے پہلو پر اپنا پاؤں رکھیں۔(بخاری ومسلم)

**[167]** چُھری چلانے سے پہلے یہ تکبیر وغیرہ پڑھ لیں:

**((بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ))** (صحیح مسلم)

''اللہ کے نام سے اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''

**((اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا مِنْکَ وَلَکَ))** (صحیح مسلم)

''اے اللہ! یہ تیری توفیق سے اور تیری ہی رضا کیلئے ہے۔''

**((اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا))** ''اے اللہ! اسے ہم سے قبول فرما۔'' (صحیح مسلم)

## قربانی کے جانور:

**[168]** وہ جانور جو حلال ہیں (الانعام:١،الحج:٣٤،٨) مثلاً بھیڑ، مینڈھا، بکری، بکرا (الانعام:١٤٣) اُونٹ، اُونٹنی، گائے اور بیل۔(الانعام:١٤٤) بھینس اور بھینسے کی قربانی کے جواز وعدمِ جواز میں اختلاف ہے۔ ارجح واحوط یہی ہے کہ نہ کی جائے، لیکن اگر کوئی کرتا ہے، تو وہ بھی قابلِ ملامت نہیں ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ ۵۲۰/۱ وہفت روزہ الاعتصام ۸/نومبر ۱۹۷۴ء مقالہ مولانا عبدالقادر عارف حصاری۔(قائلینِ جوازِ) فتاویٰ اہلحدیث روپڑی (قائلینِ عدمِ جواز) وللتفصیل: المرعاۃ ۳۵۳/۳۔۳۵۴ الاعتصام، عیدالاضحیٰ نمبر ۱۹۸۶ء مقالہ حافظ صلاح الدین یوسف)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[169]** سب سے افضل قربانی اُونٹ، پھر گائے، پھر مینڈھا (یا دنبہ) اور بکرا ہے۔ (بخاری و مسلم و للتفصیل: الفتح الربانی ۵۷/۶،۱۳/۶۶-۶۷)

## جانوروں میں مطلوبہ اوصاف:

**[170]** اگر مینڈھا ہوتو خوبصورت اور سینگوں والا ہو۔ (بخاری و مسلم) موٹا تازہ ہو۔ (ابن ماجه،مستدرك حاكم، مسند احمد، مسند بزّار،بیهقی)

**[171]** قربانی کے جانوروں کو خرید کر پال پوس کر خوب موٹا تازہ کرنا چاہیئے۔ (بخاری تعلیقاً، المستخرج ابونعیم موصولاً) یہ زیادہ باعثِ اجر وثواب ہے۔

**[172]** خصّی جانور کی قربانی جائز ہے۔ (ابن ماجه،مسند احمد، حاكم،بیهقی، بزّار)

**[173]** حاملہ جانور کی قربانی بھی جائز ہے۔ (اور اگر خرید لینے کے بعد اور قربانی کرنے سے پہلے ہی وہ شیر دار ہوجائے تو ماں اور بچہ دونوں کو ہی ذبح کر دیا جائے۔ اور قربانی تک اسکا صرف اتنا ہی دودھ پیا جائے جو بچے سے بچ رہے۔ (بیهقی و علل ابن ابی حاتم)

اگر ذبح کرتے وقت اسکے پیٹ سے بچہ مردہ نکل آئے تو اسکے گوشت کے بارے میں کچھ اختلاف ہے، اگرچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع اسکے حلال ہونے پر ہی ہے۔ (حیاۃ الحیوان ۱/۱۶، اعلام الموقعین ابن قیّم ۲/۱۷/۳، فتاویٰ ابن تیمیه ۳۰۷/۲۶، الاعتصام۔عیدالاضحیٰ نمبر ۱۹۸۶ء)

## جانوروں کے عیوب ونقائص:

**[174]** جانور لنگڑا نہ ہو کہ جسکا لنگڑا پن ظاہر ہو، آنکھوں سے کانا نہ ہو کہ کانا پن ظاہر ہو، ایسا بیمار نہ ہو کہ جسکی بیماری نمایاں ہو، اور ایسا لاغر وکمزور نہ ہو کہ جس کے جسم میں چربی اور ہڈی میں گودا نہ ہو۔ (سننِ اربعه،ابن خذیمه،ابن حبان،دارمی،دارقطنی،بیهقی،احمد، حاكم،مؤطا مالك)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

**[175]** اسکا کان سامنے یا پیچھے کی جانب سے کاٹ کر اسے ساتھ ہی لٹکتا نہ چھوڑ دیا گیا ہو، نہ اسکے کان لمبائی میں چیرے ہوئے ہوں اور نہ اسکے کان میں گول سوراخ کیا گیا ہو۔ (حوالہ جاتِ سابقہ) خارش زدہ نہ ہو اور اگر مادہ ہے تو اسکا تھن کٹا ہوا نہ ہو۔ (طبرانی اوسط)

**[176]** قربانی کا جانور خریدنے کے بعد اگر اس میں کوئی عیب آجائے تو اس سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ (ابن ماجہ، مسند احمد، ابویعلی، طیالسی، بیہقی، مصنف عبدالرزاق) **البتہ** اگر کوئی صاحبِ حیثیت ہے اور جانور بدل لیتا ہے تو یہ **افضل** ہے، **لیکن** بلا وجہ جانور بدلنا جائز نہیں۔ (ابوداؤد، بیہقی، ابن خذیمہ۔ متکلّم فیہ) **الّا یہ کہ** اس سے اچھے جانور کے ساتھ بدلا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (المحلّی ۷/۳۷۵، المغنی ۱۱/۱۱۱، الانصاف ۴/۸۹)

## جانوروں کی عمریں اوردانت:

**[177]** جانور انتہائی بوڑھا ہو کر جسم کی چربی سے خالی اور ہڈی کے گودے میں محروم نہ ہو چکا ہو (سننِ اربعہ، احمد، مالك، ابن حبان، بیہقی، دارمی، ابن خذیمہ، حاکم، طیالسی، طبرانی اوسط)

**[178]** دودھ کے دو دانت نکال چکا ہو۔ یعنی جِذعہ یا کھیرا نہ ہو بلکہ مُسِنّہ یا دودانتا ہو۔ (مسلم)

اور اہلِ لغت کے یہاں جِذعہ وہ بکرا، مینڈھا یا دنبہ ہوتا ہے جو اپنی عمر کا ایک سال مکمل کر چکا ہو۔ اور نبی ﷺ نے بعض صحابہ (حضرت عقبہ بن عامر اور زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما) کو چھ ماہ کے بکرے کی قربانی کی اجازت دی تھی، وہ انہی کے ساتھ مخصوص ہے، اور عموم کی دلیل نہیں بن سکتی، جیسا کہ آپ ﷺ کے ارشادِ کے اِن الفاظ سے پتہ چلتا ہے:

**((ضَحِّ بِهٖ اَنْتَ، وَلَا رُخْصَةَ لِاَحَدٍ فِيْهَا بَعْدَكَ))**

''تم ذبح کرلو، لیکن تمہارے بعد اسکی کسی دوسرے کو اجازت نہیں ہے۔''

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

(للتفصیل نیل الاوطار ۱۱۳/۵/۳۔۱۱۵،فتح الباری ۹/۱۰۔۱۸،الفتح الربانی ۱۳/۱۷۔۷۶،المرعاۃ ۳/۳۵۲۔۳۵۳،الاعتصام لاہور،عیدالاضحیٰ نمبر مقالہ مولانا عطاء اللہ حنیف ،عون المعبود شرح ابوداؤد ۲/۵۳،النہایہ فی غریب الحدیث لابن الاثیر ۱/۱۷۷،مشارق الانوار قاضی عیاض ۱/۱۷۹،التعلیق المجد مولانا عبدالحیٔ حنفی ص ۱۴۱' بذل المجہود شرح ابوداؤد مولانا خلیل احمد سہارنپوری ۴/۱۷ )

## فوت شدگان کی طرف سے قربانی:

[179] فوت شدگان کی طرف سے قربانی دی جاسکتی ہے۔اگرچہ امام ابن المبارکؒ کے بقول زیادہ صحیح یہ ہے کہ ان کی طرف سے صدقہ دیا جائے اور اگر قربانی دی جائے تو اسکا سارا گوشت تقسیم کردیا جائے۔(الفتح الربانی ۱۳/۱۰۹۔۱۱۲،المرعاۃ ۳/۳۵۹' فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۶/۳۰۶)

[180] اگر کسی فوت شدہ کی طرف سے قربانی دیں تو پھر کم از کم دو جانور ذبح کریں۔ایک فوت شدہ کی طرف سے اور دوسرا اپنی اور اپنے اہلِ خانہ کی طرف سے۔

## گوشت کی تقسیم:

[181] قربانی کے گوشت کو تین حصوں میں تقسیم کرنے کے استحباب کا اشارہ قرآنِ کریم سے ملتا ہے کہ خود کھائیں،خوددار محتاجوں کو کھلائیں اور سائل کو بھی کھلائیں۔(الحج:۳۶)

حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہم بھی تین حصوں میں ہی تقسیم کیا کرتے تھے اور اِسی کا کہا کرتے تھے کہ ایک حصہ اپنے گھر والوں کیلئے،دوسرا دوست واحباب اور پڑوسیوں وغیرہ کیلئے اور تیسرا فقراء ومساکین اور عام محتاجوں کیلئے ہو۔اور انکا کوئی مخالف بھی نہیں تھا۔امام ابن کثیر،امام ابن قدامہ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اسی کو ترجیح دی ہے۔

(تفسیر ابن کثیر ۳/۲۷۷۔۲۷۸،المغنی ۹/۴۴۸۔۴۴۹،فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۶/۳۰۹،ارواء الغلیل ۴/۳۷۴)

[182] غیر مسلم کو بھی قربانی کا گوشت دیا جاسکتا ہے کیونکہ سورۃ الحج کی آیت ۳۶ میں حکم عام ہے اور یہ غیر مسلم لوگوں کو بھی شامل ہے، اور ممانعت کی کوئی دلیل بھی نہیں ہے۔(الاعتصام، عید الاضحیٰ نمبر ۱۹۸۶ء مقالہ حافظ صلاح الدین یوسف)

[183] گوشت یومِ نحر اور ایامِ تشریق میں کھایا اور بعد تک بھی رکھا جاسکتا ہے کیونکہ شروعِ اسلام میں ۱۳ ذوالحج کے بعد تک گوشت روک رکھنے کی ممانعت تھی، لیکن بعد میں اسکی اجازت دے دی گئی تھی۔(بخاری ومسلم) بہرحال تین حصے کر کے اپنا حصہ کھائیں یا رکھ لیں۔ دوسرے دو حصے تقسیم کر دینا ہی مستحب ہے۔

## قرض لے کر قربانی کرنا:

[184] قرض لے کر قربانی کرنا ایک مستحسن فعل ہے، اگرچہ یہ واجب نہیں۔(فتاویٰ ابن تیمیہ ۲۶/۳۰۵) اور جو لوگ کاروباری یا نفع آور قرض کے بہانے قربانی چھوڑ دیتے ہیں، انکا یہ بہانہ بے جا عذرِ لنگ ہے۔

## بعض بے ہودہ کوششیں:

[185] قربانی سنّتِ ابراہیمی علیہ السلام اور سنّتِ نبوی ﷺ ہے۔ صحابہ وتابعین سے لیکر آج تک کے مسلمانوں کا تعامل اسکی شرعی حیثیت کا گواہ ہے، مگر بعض منکرینِ سنّت پرویزیوں [۳] نے اسکی شرعی حیثیّت کو مشکوک بنانے کیلئے کئی بے ہودہ قسم کی کوششیں کی ہیں۔ مسلمانوں کو ان کے جھانسے میں ہرگز نہیں آنا چاہیئے۔[۴] اللہ تعالیٰ اس سنّت کے احیاء کی توفیق سے نوازے، اور

---

[۳] یاد رہے کہ ان پرویزیوں کو عام اہلِ علم اور حکومتِ کویت کا دار الافتاء کافر قرار دے چکے ہیں۔

[۴] قربانی کے مسائل واحکام اور پرویزیوں کے تفصیلی رد کیلئے دیکھیئے: ہماری کتاب ''سوئے حرم'' جو=

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

ان عیّاروں کی دھوکہ دہیوں سے محفوظ رکھے۔آمین

## فلسفۂ عید:

[186] اسلام نے انسان کے فطری جذبۂ اظہارِ مسرّت کے پیشِ نظر سال میں خوشی منانے کے دو مواقع مہیّا کئے ہیں( ابوداؤد ،ترمذی، نسائی ،مسند احمد) پہلا موقعہ ماہِ رمضان کے اختتام پر، جسے ''عیدالفطر'' کہا جاتا ہے اور دوسرا موقعہ مناسکِ حج مکمل کرنے اور حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کے عظیم فدایانہ کارنامے کی یادگار (۱۰ ذوالحج) ہے۔عید کا دن تقدّس مآب خوشیوں کے ساتھ ساتھ بعض روایات کی رو سے روزہ داروں کی مغفرت و بخشش کا دن ہے۔(شعب الایمان و سنن کبریٰ بیہقی،الترغیب ابن شاہین،الضعفاء عقیلی،الفردوس دیلمی، کتاب الثواب ابوالشیخ،للتفصیل المرعاۃ شرح مشکوٰۃ ۳۰۹/۴۔۳۱۰)

## آغاز وحکمِ عید:

[187] عیدالفطر کی مشروعّیت عیدالاضحیٰ سے پہلے ۲ھ میں ہوئی۔(تلخیص الحبیر ۷۹/۲/۱ ،الشرح الکبیر للرافعی بحواله الفتح الربانی۱۹۹/۶)

نمازِ عید احناف کے نزدیک واجب ،حنابلہ کے نزدیک فرضِ کفایہ، مالکیہ وشافعیہ اور جمہور اہلِ علم کے نزدیک سنّتِ مؤکّدہ ہے۔(الفروع شرح المهذّب ۳/۵،الفقه علی المذاهب الاربعه، الفتح الربانی ۱۳۹/۶،المغنی ۲۵۲/۳۔۲۵۵) امام شوکانی ،علاّمہ نواب صدیق حسن خان، مولانا عطاءاللہ حنیف اور علاّمہ البانی کا رجحان بھی اسکے وجوب کی طرف ہی ہے۔(پندرہ روزہ ترجمان دہلی، عیدالفطر نمبر ۱۹۸۶ء تمام المنّه ص۳۴۴ الروضه الندیه ۱۴۲/۱،نیل الاوطار ۳/۲ ۳۱۰۔۳۱۱)

---

=حج وعمرہ اور قربانی کے مسائل واحکام (بادلائل) پر مشتمل ہے۔

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

## خوبصورت لباس وخوشبو:

**[188]** بعض صحابہ کے آثار سے پتہ چلتا ہے کہ عید کے دن غسل کرنا چاہیئے ۔( مسند شافعی ، مؤطا مالك) **اور** خوبصورت لباس پہننا ۔( کتاب ا ا الأم شافعی ، ابن خذیمه) **اور** خوشبو لگانا مسنون عمل ہے ۔( حاکم ،معجم طبرانی کبیر ،فضائل الاوقات بیهقی) **اچھا لباس پہننے اور** خوشبو لگانے ( تجمّل ) کے بارے میں تو امام بخاری نے مستقل باب قائم کیا ہے: "**باب فی العیدین و التجمّل فیه**" اور پھر اسکے تحت بعض احادیث ذکر کی ہیں ۔( بخاری مع الفتح ۲/۴۳۹ )اور بعض صحابہ سے بھی خوبصورت لباس پہننے کا پتہ چلتا ہے ۔( فتح الباری ۲/۴۳۹ )

## کچھ کھا کر جانا (عید الفطر پر) اور آ کر کھانا (عید الاضحیٰ پر):

**[189]** عید الفطر کیلئے نبی ﷺ وِتر {طاق} تعداد میں کھجوریں کھا کر جایا کرتے تھے ۔(بخاری) البتہ عید الاضحیٰ کے دن کچھ کھائے پیئے بغیر ہی عید گاہ جانا اور واپس آ کر اپنی قربانی کا گوشت کھانا مسنون ہے ۔(ترمذی،ابن ماجه،دارمی،مسنداحمد) **البتہ اس ''سنّت'' کو نصف دن کا روزہ** کہنا ایک قطعاً غلط نظریہ ہے، کیونکہ روزہ صرف وہی ہوتا ہے جو غروبِ آفتاب تک ہو۔

## شہر سے باہر عید:

**[190]** نبی ﷺ ہمیشہ شہر سے باہر جا کر کھلے میدان میں عید پڑھا کرتے تھے، لہٰذا مسنون وافضل تو یہی ہے ۔البتہ ابوداؤد، ابن ماجہ اور مستدرک حاکم کی بعض ضعیف روایات سے پتہ چلتا ہے کہ بارش وغیرہ کا کوئی شرعی عذر ہو تو مسجد میں بھی عید پڑھی جا سکتی ہے ۔( عون المعبود شرح ابوداؤد ۲۳/۴ ،تلخیص الحبیر ۸۳/۲/۱ ،فقه السنه ۲۱۸/۱)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

## عورتوں کا عیدگاہ جانا:

[191] نمازِ عید میں شرکت کیلئے عورتوں اور بچوں کو بھی عیدگاہ جانا چاہیئے۔(صحیح بخاری) حتیٰ کہ حیض والی عورتوں کو بھی نبی ﷺ نے عیدگاہ جانے کا حکم فرمایا کہ وہ نماز میں نہیں، البتہ مسلمانوں کی دعاؤں میں شریک ہوجائیں۔(بخاری ومسلم) بعض علماءِ احناف بھی اسکے قائل ہیں۔(العرف الشذی ص ۲۴۴ علّامہ انور شاہ کشمیری) البتہ عورتیں زرق برق لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر نہ جائیں۔(صحیح مسلم)

## پیدل اور سوار:

[192] عیدگاہ کی طرف جانے کیلئے بہتر تو یہی ہے کہ پیدل چل کر جائیں، کیونکہ بعض روایات کا مجموعی مفاد اسی بات کے سنت ہونے کا پتہ دیتا ہے۔(ترمذی، ابن ماجہ، سنن سعید بن منصور، بیہقی، کتاب الام شافعی) البتہ کسی سواری پر بیٹھ کر بھی عیدگاہ چلے جائیں تو کوئی حرج نہیں۔(صحیح بخاری، باب المشی والرکوب الی العید)

## راستہ بدلنا:

[193] عیدگاہ کی طرف جانے اور آنے کے آداب میں سے ہی ایک بات یہ بھی ہے کہ جانے اور واپس آنے کیلئے الگ الگ راستہ اختیار کیا جائے، کیونکہ نبی ﷺ کا عملِ مبارک یہی تھا۔ (صحیح بخاری) علّامہ ابن قیّم اور حافظ ابنِ حجر نے راستہ بدلنے کی بیس سے زیادہ حکمتیں ذکر کی ہیں، مثلاً قیامت کے دن دونوں راستوں کا گواہ بن جانا، دونوں راستوں کے جنّ وانس کا گواہ بننا، شوکتِ اسلام کا دونوں راستوں میں اظہار ہونا، یہود ومنافقین کی جلن میں اضافہ اور زیادہ قرابت داروں سے ملاقات کا باعث ہونا وغیرہ۔(زادالمعاد ۴۴۹/۲، فتح الباری ۴۷۳/۲،

صحیح دینی معلومات کے لئے ''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

الفتح الربانی ۱۲۱/۶، نیل الاوطار ۲۹۱/۳/۲، ۲۹۲، غنیۃ الطالبین ۱۰۱/۲/۱-۱۰۲) لیکن اگر کوئی راستہ نہیں، بدلتا تو بھی کوئی حرج نہیں، کیونکہ راستہ بدلنا واجب نہیں صرف مستحب ہے۔(الفتح الربانی ۴۷۲/۲، نیل الاوطار ۲۹۱/۳/۲)

## تکبرات کہنا:

**[194]** عیدالفطر کیلئے عیدگاہ جاتے ہوئے تکبریں کہتے جائیں اور خطبہ شروع ہونے تک یہ سلسلہ جاری رکھیں۔(البقرہ:۱۸۵) اور عیدالاضحیٰ کیلئے ۸/ذوالحج (یومِ ترویہ) سے لیکر ۱۳/ذوالحج (آخر ایامِ تشریق) تک تکبیریں کہیں۔(البقرہ:۲۰۳، الحج:۳۷)

## اوقات وانداز:

**[195]** تکبیرات کے یہی ایام ہیں، اوران میں صبح وشام، نمازوں کے بعد، راہ چلتے، مجلس میں بیٹھے، بستر پر لیٹے، ہر وقت تکبیریں کہنا مستحب ہے۔(بخاری مع فتح الباری ۴۶۲/۲، الفتح الربانی ۱۷۰/۶-۱۷۲، فقہ السنہ ۳۲۵/۱) عیدین کی تکبیرات بلند آواز سے کہنی چاہییں۔ (دار قطنی، بیہقی، مصنف ابن ابی شیبہ) **عورتیں بھی تکبیریں کہیں۔**(صحیح بخاری)

## تکبیرات کے الفاظ:

**[196]** تکبیرات کے الفاظ یہ ہیں:

**((اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ))**

''اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر قسم کی تعریفیں صرف اللہ ہی کیلئے ہیں۔'' (ابن ابی شیبہ)

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

((اَللّٰهُ اَكْبَرُ،اَللّٰهُ اَكْبَرُ،اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْراً))(مصنف عبدالرزاق، کتاب العیدین )

''اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بہت ہی بڑا ہے۔''

## عید کا وقت:

[197] عید الفطر کو کچھ مؤخر کیا جائے تاکہ فطرانہ ادا کرنے کے وقت میں وسعت ہو جائے اور عیدالاضحیٰ کو سورج روشن ہو جانے کے بعد علی الصبح ادا کیا جائے تاکہ قربانی کے وقت میں وسعت ہو۔(المغنی ابن قدامہ ۲۶۷/۳) البتہ کسی بھی عید کو صلوٰۃ الضحیٰ کے وقت سے مؤخر نہ کیا جائے۔
(صحیح بخاری تعلیقاً بالجزم، ابوداؤد، ابن ماجہ، مستدرک حاکم، بیہقی موصولاً)

بعض متکلّم فیہ روایات کے مطابق عید الفطر کا وقت سورج کے دو نیزے بلند ہو جانے پر اور عیدالاضحیٰ کا وقت سورج کے ایک نیزہ بلند ہونے پر ہے۔(کتاب الآضاحی حسن بن احمد البنا کما فی ارواء الغلیل ۱۰۱/۳، تلخیص الحبیر ۸۳/۲/۱، نیل الاوطار ۲۹۳/۳/۲) اور پوری امّت کا تعامل اسی کا شاہد ہے۔ جبکہ زوالِ آفتاب کے بعد اس کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

## نمازِ عید سے پہلے یا بعد کوئی نماز؟

[198] عیدگاہ میں نمازِ عید سے پہلے یا بعد کوئی سنّت نہیں ہے۔(بخاری ومسلم) البتہ اپنے گھر آ کر کوئی دو رکعتیں پڑھنا چاہے تو یہ ثابت ہیں۔( ابن ماجہ، ابن خذیمہ، بیہقی، مسنداحمد)

## آذان واقامت:

[199] عیدین کیلئے نہ آذان ہے نہ اقامت۔(بخاری ومسلم) اور نہ ہی اَلصَّلوٰةُ جَامِعَةٌ (نماز کی جماعت ہونے لگی ہے) جیسی کوئی صداء ونداء۔(زادالمعاد)

صحیح دینی معلومات کے لئے''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

## رکعاتِ نمازِ عید:

[200] نمازِ عید کی صرف دو ہی رکعتیں ہیں۔(بخاری ومسلم)

## کیفیّت وطریقۂ نمازِ عید:

[201] نمازِ عید کی ادائیگی کا طریقہ تو عام دو رکعتوں والا ہی ہے،سوائے اسکے کہ ان میں سے پہلی رکعت میں دعاءِ استفتاح یا ثناء کے بعد اور دوسری رکعت میں تکبیرِ قیام کے بعد کچھ تکبیریں (**اَللّٰہُ اَکْبَرُ،اَللّٰہُ اَکْبَر** کہنا) عام نماز سے زیادہ ہیں،جنہیں ’’تکبیراتِ زوائد‘‘ کہا جاتا ہے۔

[202] ان تکبیراتِ زوائد کی تعداد پہلی رکعت میں تکبیرِ تحریمہ (دارقطنی) کے سواء سات اور دوسری میں (تکبیرِ قیام کے سوا) پانچ ہے۔(ابوداؤد، حاکم،بیہقی،احمد،ابن ابی شیبہ)

اکثر صحابہ وتابعین اور جمہور ائمہ واہلِ علم اسی کے قائل ہیں۔(نیل الاوطار ۲۹۸/۳/۲،المجموع ۲۰/۵،فقه السنه ۲۲۰/۱)

ابوداؤد،بیہقی،مصنف عبدالرزاق اور مسند احمد کی بعض روایات وآثار میں پہلی رکعت میں (تکبیرِ تحریمہ کے سواء) تین اور دوسری میں (تکبیرِ رکوع کے سواء) تین کا ذکر آیا ہے،لیکن محدّثینِ کرام نے ان روایات وآثار کو ضعیف ونا قابلِ حجّت قرار دیا ہے۔(عون المعبود ۹/۴،نیل الاوطار ۲۹۹/۳/۲۔۳۰۰، الفتح الربانی ۱۴۱/۶۔۱۴۲،تحفة الاحوذی ۸۶/۳۔۸۷)امام بخاری وترمذی (التلخیص ۸۴/۲/۱) شیخ عبدالقادر جیلانی (غنیة الطالبین ص ۲۹۹)اور کبار علماء احناف میں سے شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی (حجة اللہ البالغه ۳۱/۲)اور مولانا عبدالحیٔ لکھنوی (التعلیق الممجد ص ۱۴۱) نے بارہ تکبیروں والے مسلک کی ہی تائید کی ہے۔

[203] یہ تکبیریں سنّت ہیں، جنکے عمداً چھوڑ دینے یا سہواً چھوٹ جانے سے نماز باطل نہیں ہوتی

صحیح دینی معلومات کے لئے ’’**توحید پبلیکیشنز**‘‘ کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

اور نہ ہی اس پر سجدۂ سہو کی ضرورت ہے۔(المغنی ۲۷۵/۳،نیل الاوطار۳۰۰/۳/۲،فقہ السنہ ۳۲۰/۱)

[204] ہر دو تکبیراتِ زوائد کے مابین حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حسن بلکہ صحیح اثر کی رو سے یہ کہنا مستحب ہے:

((سُبْحَانَ اللّٰهِ،وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ،وَاللّٰهُ اَكْبَرُ)) (معجم طبرانی کبیر،بیہقی)

''اللہ پاک ہے،تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''

[205] تکبیراتِ زوائد میں سے ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرنے کا ذکر بعض احادیث میں آیا ہے۔(مسند احمد،دارمی،طیالسی،بیہقی)صحیح سند سے ثابت ایک اثر میں امام مالک نے بھی ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرنے کا ہی حکم دیا ہے۔(کتاب العیدین فریابی بحوالہ الارواء للالبانی ۱۱۳/۳۔۱۱۴) البتہ شیخ البانیؒ نے اپنی ایک دوسری کتاب میں لکھا ہے کہ جنازہ و عیدین کی تکبیراتِ زوائد کے ساتھ رفع یدین والی احادیث عام ہیں،ان میں جنازہ وعیدین کا ذکر نہیں،لہٰذا ان میں انکی عدمِ مشروعیت کا قول ہی صحیح وحق ہے۔(تمام المنّہ ص ۳۴۸۔۳۴۹)

[206] نمازِ عیدین کی رکعتوں میں قراءت جہری ہے۔اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الاعلیٰ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى )اور دوسری میں الغاشیہ(هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ )پڑھنی مسنون ہے۔(مسند احمد،بیہقی،معجم طبرانی کبیر،مصنف ابن ابی شیبہ) جبکہ پہلی رکعت میں سورۃ القمر اور دوسری میں قٓ پڑھنا بھی مسنون ہے۔(صحیح مسلم)

## خطبۂ عید:

[207] نمازِ عیدین کی دو رکعتوں کے بعد امام کا خطبہ دینا سنّت ہے۔(بخاری ومسلم)اور خطبے کا آغاز عام خطبہ( اِنَّ الْحَمْدَلِلّٰهِ .... )سے ہی ہونا چاہیئے،خطبہ کے شروع یا دورانِ خطبہ

صحیح دینی معلومات کے لئے''توحید پبلیکیشنز'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

تکبیریں کہنا ثابت نہیں ہے۔(زادالمعاد ۱/۴۴۷،تمام المنّه ص ۳۵۱،فقه السنه ۳۲۲/۱،المغنی)

[208]خطبۂ عید کو خطبۂ جمعہ کی طرح درمیان میں بیٹھ کر، اسے دو حصوں میں کر دینا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں، لہٰذا عید کا خطبہ صرف ایک ہی مسنون ہے۔(ارواء الغلیل ۳/۳۴۸)

[209]عیدگاہ میں منبر لے جانا ثابت نہیں۔(بخاری ومسلم) اور امام کا ویسے ہی اپنے قدموں پر کھڑے ہوکر خطبہ دینا سنّت ہے۔( ابن حبان وابن خذیمه) نمازِ عید سے پہلے خطبہ دینے اور منبر پر بیٹھ کر خطبۂ عید کا آغاز عہدِ اموی میں مروان نے کیا تھا۔(بخاری ومسلم)

[210]عید کا خطبہ سننا سنّت ہے۔(بخاری ومسلم) اگر کسی عذر وضرورت کی بناء پر کوئی خطبہ سنے بغیر چلا جاتا ہے،تو اسکی گنجائش ہے۔(ابوداؤد،نسائی،ابن ماجه،دارقطنی،بیهقی، مستدرك حاكم، ابن خذیمه،المنتقی لابن الجارود)

## نمازِ عید کی دوسری جماعت:

[211]اگر کوئی عیدگاہ پہنچے اور نماز کی جماعت ختم ہوچکی ہو تو اسے اکیلے یا اسی کی طرح بعد میں آنے والے لوگوں کے ساتھ مل کر دوسری جماعت کروالینا چاہیئے اور یہ حکم مردوں کی طرح ہی عورتوں کیلئے بھی ہے۔(صحیح بخاری،باب اذافاتته العید یصلّی رکعتین)

[212]ان دونوں رکعتوں کی دوسری جماعت والے بھی تکبیراتِ زوائد بھی کہیں گے۔
(بخاری تعلیقاً بالجزم،بیهقی ومصنف ابن ابی شیبه وفریابی موصولاً)

[203]اسی طرح ہی اپنے اہل وعیال کے ساتھ مل کر بھی قضاءِ عید اپنے گھر میں بھی باجماعت پڑھی جاسکتی ہے۔(حواله جاتِ سابقه)

## دوسرے دن نمازِ عید:

صحیح دینی معلومات کے لئے ''**توحید پبلیکیشنز**'' کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

**[204]** اگر رمضان کا تیسواں روزہ رکھ لیا گیا اور زوالِ آفتاب کے بعد ثقہ لوگوں نے بتایا کہ ہم نے رات چاند دیکھا تھا تو اُسی وقت سبھی روزہ کھول دیں اور اگلے دن نمازِ عید ادا کریں اور امام خطبہ دے، جیسا کہ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ کیا تھا۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارقطنی، بیہقی، ابن حبان، مسنداحمد) یہ تو عیدالفطر کے بارے میں ہے، جبکہ عیدالاضحیٰ کو بھی اسی پر قیاس کیا گیا ہے۔ (سبل السلام ۱/۲/۶۴، نیل الاوطار ۲/۳/۳۱۰)

## عید مبارک کہنے کا مسنون انداز:

**[215]** عید ملتے وقت عید مبارک، عید مبارک کی بجائے یہ مسنون وصحیح الفاظ کہیں:

((**تَقَبَّلَ اَللّٰهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ**)) ''اللہ ہماری اور آپ کی (عبادات) قبول فرمائے۔''

(صلوٰۃ العیدین محاملی، الترغیب للاصبھانی، للتفصیل تمام المنّۃ ص ۳۵۴۔۳۵۶ الجوھر النقی علی البیھقی ۳/۳۲۰ و صول الامانی الی اصول التھانی للسیوطی ص۱۰۹۔ الحاوی)

**[216]** نمازِ عید کے بعد مصافحہ ومعانقہ (گلے ملنا) ع

رسمِ دنیا بھی ہے، موقع بھی ہے، دستور بھی ہے۔

مگر شرعاً یہ ثابت نہیں ہے، بلکہ یہ ایک خودساختہ فعل اور ایجادِ نو ہے۔ حنفی، شافعی، مالکی حنبلی اور اہلحدیث علماء نے اسکے خلاف بہت کچھ لکھا ہے۔ (فتاویٰ علّامہ شمس الحق عظیم آبادی صاحب عون المعبود ص۱۱۶۔۱۲۵ مرتبہ مولانا محمد عزیر شمس)

## اجتماعِ عید وجمعہ:

**[217]** کبھی عید وجمعہ یکجا ہو جائیں تو یہ ایک افواہ کے مطابق ''بھاری'' ہیں۔ ع

''یہ اُمت خرافات میں کھوگئی۔'' لیکن نبی ﷺ نے ایک مرتبہ عید وجمعہ کے یکجا ہوجانے پر

خوشی کا اظہار کیا اور فرمایا کہ ”آج تمہارے لئے دو عیدیں جمع ہوگئی ہیں۔(ابوداؤد،نسائی،ابن ماجہ،ابن خذیمہ،بیہقی،احمد، حاکم) یہی بات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کے یکجا آجانے پر فرمائی۔(بخاری) ایسے ہی حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا۔(ابوداؤد،نسائی)

[218] ایسے میں نمازِ عید پڑھ لینے والوں سے نمازِ جمعہ کی فرضیّت ساقط ہوجاتی ہے۔(ابوداؤد نسائی،ابن ماجہ،ابن خذیمہ،بیہقی،مستدرک حاکم،مسنداحمد) البتہ امام کو جمعہ پڑھانا چاہیئے تاکہ جولوگ پڑھنا چاہیں ان کیلیئے انتظام ہو،جیسا کہ نبی ﷺ نے لوگوں (خصوصاً دور سے آنے والوں) کے لئے رخصت کے اعلان کے ساتھ ہی فرمایا کہ ”ہم تو جمعہ پڑھیں گے۔“(حوالہ جاتِ سابقہ)۔ایسے ہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی کیا۔(صحیح بخاری) اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے بھی ایسے دن میں نمازِ جمعہ نہیں پڑھائی تھی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے انکی تائید کی تھی۔ (ابوداؤد،نسائی)

[219] اجتماعِ عید و جمعہ کی شکل میں عید باجماعت پڑھیں اور جامع مساجد سے دور کے لوگ اپنی اپنی مساجد میں نمازِ ظہر پڑھ لیں۔انکے لئے یہی کافی ہے،اور قریب والے اور آسانی سے پہنچ سکنے والے جمعہ میں شریک ہوجائیں۔وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ

**والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ**

**ابوعدنان محمد منیر قمر،المحکمۃ الکبریٰ،الخبر۔الرمز البریدی:۳۱۹۵۲ (سعودی عرب)**

صحیح دینی معلومات کے لئے ”توحید پبلیکیشنز“ کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net

# تلبیہ

((لَبَّیْکَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْکَ،

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،

اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ

لَکَ وَالْمُلْکَ،

لَا شَرِیْکَ لَکَ))

(صحیح بخاری و مسلم)

”میں حاضر ہوں، اے میرے رب!

میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں،

تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔

بیشک ہر قسم کی تعریف، تمام نعمتیں،

اور بادشاہی تیرے ہی لئے ہیں،

تیرا کوئی شریک نہیں۔“